عمل ۲۔ پھر دوسری سطر میں سطر اساس سے چوتھا حرف لیتے جاؤ۔ اگر آخر حرف حروف اساس پورے تقسیم ہو جائیں تو پھر از سر نو سطر اساس کے دوسرے یا تیسرے حرف سے گنتی چار چار کی بدستور شروع کرکے چوتھا حرف لکھتے جاؤ یہاں تک کہ سطر اساس کے حروف کی تعداد کے مطابق دوسری سطر کے حروف ہو جائیں۔

عمل ۳۔ پھر تیسری سطر میں سطر دوم کے ہر حرف کا نظیرہ قمری لکھتے جاؤ تاکہ یہ سطر مکمل ہو جائے۔

عمل ۴۔ پھر تیسری سطر کو صدر مؤخر کرکے اس کے نیچے چوتھی سطر قائم کرو۔

عمل ۵۔ اب پانچویں سطر میں اُوپر کے ہر چہار سطر اساس و حروف حرف چہارم و نظیرہ و صدر مؤخر کے حروف کی اُوپر سے نیچے کی قیمت ابجدی مفرد الیقغی کے اعداد جمع کرکے جو عدد میزان ہوں اس عدد کے درجہ کے لحاظ سے ابجد قمری سے حرف لو اور ہر حرف کے نیچے جن کو جمع کیا ہے لکھتے جاؤ۔ تاکہ یہ سطر مکمل ہو جائے۔

عمل ۶۔ چھٹی سطر میں حرف درجہ قمری کے جو عدد درجہ مفرد الیقغی ہوں سے دائرہ النظاریہ سے جواب حاصل کرو۔ جس کا طریقہ یہ ہے چونکہ دائرہ الیقغ کے عدد ہر حرف کی قیمت ایک سے نو تک ہے۔ پس دائرہ النظاریہ سامنے رکھو اگر مطلوبہ عدد مفرد ہو تو اس عدد کے نیچے دیئے ہوئے حروف میں سے کوئی فٹ ہونے والا حرف مستحصلہ تصور کرکے لے لو۔ اگر عدد مرکب ہو تو اس طرح کرو کہ اُن میں سے یا تو اکائی کا عدد حرف مستحصلہ دیگا یا دہائی کا عدد مستحصلہ دیگا۔ اگر یہ دونوں عدد فٹ نہ ہونے سے گویا حرف مہیا نہ کر سکیں تو ان دونوں عددوں کو جمع یا ایک دوسرے سے نفی کرکے جو عدد حاصل کئے ہوں اس نمبر کے نیچے کا حرف مستحصلہ ہوگا ہر حرف یا عدد کا ترفع یا تنزل اس کی روح ہے۔

نوٹ:۔ میزان الاعد حروف سے یا حروف سطر وجہ سے مستحصلہ لیا جاتا ہے اگر اس طرح سے کوئی حرف حسب مقصد گویا نہ ہو سکے تو دائرہ انظاریہ میں دائیں بائیں اسی نمبر سے بطور ترقی و تنزل حرف مستحصلہ یقینی طور پر مل جائے گا۔

دائرۂ انظاریہ

عدد تسعہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ابجد ایقغ	ا ی ق غ	ب ک ر	ج ل ش	د م ت	ه ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض	ط ص ظ
نظیرہ قمری	س خ ن ه	ع ذ و	ف ص غ	ص ظ ح	ق غ ط	ر ز ی ء	ش ب ک	ت ج ل	ث د م
نظیرہ ارضی	ص ض ظ ج	ھ ع ل	ه ر د	س ب ن	ج و ت	ط د خ	ح ک ش	خ ط ی	ف ر ق
نظیرہ ایقغ	ه ث و س	خ ر ع	ذ ح ن	ض ط ص	ظ ک ی	ت غ ب	ن ر ج	ل ش د	ه ت ـ
عزیزہ ایقغ	ب ط ر ظ	ا ل ق	د ک ت	ج ن ش	د خ ھ	ھ ع ت	ح س ض	ر ص د	ی ف ع

مثلاً:۔ اب ایک مثال سے حل ملاحظہ ہو

سوال:۔ یا علیم خدا بخش بن مریم کو کیا مرض لاحق ہے؟

جمل کبیر ۳۲۵۱ حرف بنائیے۔ د ش ج غ

تعداد حروف سوال۔ ۳۲ ۳۳۰۴

تعداد نقاط۔ ۲۱

جمل اکبر ۳۳۰۴

ان حروف کو ملفوظی کیا۔ دال شین جیم غین ان ملفوظی حروف کا بسط اس طرح ہے۔ د ا ل ش ی ن ج ی م غ ی ن۔

یہ کل ۱۲ حروف ہیں ان کے حرف۔ ب ی۔ بنے نقطے ۱۳ ہیں۔ ان کے حرف۔ ج ی ہو گئے۔ یہ کل ۱۶ حرف ہیں۔ ان کے حرف۔ و ی۔ بنے تو کل ۱۸ حرف بنے اب سطر اساس مرتب کی تو یہ ہوئی۔

(د ا ل ش ي ن ج ي م غ ي ت ب ي ج ي د ي)

اب ایک نقشہ ۹ خانہ طولاً اور ۸ خانہ عرضاً بنائیں ان میں حروف اساس درج کئے۔

اساس	د	ا	ل	ش	ي	ن	ج	ي	م	غ	ي	(ت)	ب	ي	ج	ي	د	ي
چھارم	ش	ي	(ت)	ي	ا	ن	غ	ي	ي	ل	ج	ي	ج	د	ي	م	ب	د
نظیرہ	سہ	خ	غ	خ	س	ع	ن	غ	ح	ض	ف	خ	ف	ص	غ	ظ	ع	سہ
صدر مؤخر	سہ	سہ	ث	خ	ظ	غ	خ	خ	ص	س	ف	غ	ث	ن	ف	خ	ض	ش
میزان	۱۶	۱۵	۱۶	۱۶	۱۶	۱۸	۱۵	۱۴	۲۰	۱۸	۲۰	۱۳	۱۹	۱۹	۱۸	۲۰	۲۳	۱۷
درجہ	ع	س	ع	ع	ع	ص	س	ن	س	ص	س	م	ق	ق	ص	س	ث	ت
جواب	س	ح	س	س	ی	ھ	ی	ا	س	ی	م	س	ض	ل	ا	ح	ق	

جواب :- سحر سے ہے اسے مرض لاحق

یہ جواب کیسے برآمد ہوا :- پچھلے نمبروں کی روشنی میں اس کے حل پر غور کیجئے اور دائرہ انظاریہ سامنے رکھئے۔

۱۔ پہلا حرف درجہ ع ہے اس کا عدد از روئے دائرہ ۷ ہے دائرہ انظاریہ میں نمبرات کے تحت عزیزۃ القبیغ کے سامنے س مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۱ میں س موجود مستحصلہ ہے۔

۲۔ دوسرا حرف درجہ س ہے اس کا عدد ۲ ہے دائرہ انظاریہ میں کوئی حرف نہیں اتفاقاً نمبر ۲ کے تحت ح مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۸ میں ح موجود مصدق ہے۔

۳۔ تیسرا حرف درجہ ع ہے اس کا عدد ۲ ہے اس نمبر کے تحت دائرہ میں نظیر القبیغ کے سامنے سہ موجود مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر ۱ کے تحت سہ موجود مستحصلہ ہے۔

۴۔ چوتھا حرف درجہ ع ہے اس کا نمبر ۷ ہے اس نمبر کے تحت دائرہ میں عزیزہ کے سامنے س مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۶ کے تحت س موجود مصدق ہے۔

۵۔ پانچواں حرف درجہ ع ہے جس کا نمبر بھی ۷ ہے تنزلاً نمبر ۱ کے تحت ی مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۵ کے تحت نظیرہ القبیغ کے سامنے ی مصدق ہے۔

۶۔ چھٹا حرف درجہ ص ہے اس کا نمبر ۹ ہے اس کے تحت ھ مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ایک کے تحت ناظرہ قمری کے سامنے ھ موجود مصدق ہے۔

۷۔ ساتواں حرف درجہ س ہے اس کا نمبر ۶ ہے اس کے تحت ی مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر ۵ کے تحت نظیرۃ القبیغ کے سامنے ی موجود مصدق ہے۔

۸۔ آٹھواں حرف درجہ ن ہے اس کا نمبر ۹ ہے اس کے تحت نظیر القبیغ کے سامنے الف مستحصلہ ہے [illegible] کے تحت الف موجود مصدق ہے۔

۹۔ نواں حرف درجہ م ہے اس کا نمبر ۱ ہے تنزلاً نمبر ۱ کے تحت الف کے تحت م مستحصلہ ہے تنزلاً ۹ کے تحت میں موجود مصدق ہے۔

۱۰۔ دسواں حرف درجہ ص ہے اس کا نمبر الف ہے اس کے تحت نظیرہ عزیزۃ القبیغ میں ی مستحصلہ ہے تنزلاً و ترفعاً نمبر ۹ و ۱ میں ی موجود مصدق ہے۔

۱۱۔ گیارہواں حرف درجہ س ہے اس کے نمبر ۲ کے تحت م مستحصلہ ہے۔

۱۲۔ حرف درجہ م ہے اس کا نمبر ۴ ہے جس کے تنزلاً نمبر ۳ کے تحت نظیرہ ارعی کے سامنے ت مستحصلہ ہے اس کے تنزلاً نمبر ۲ کے تحت ت موجود مصدق ہے۔

۱۳۔ حرف درجہ ق ہے اس کا نمبر ایک ہے اس نمبر کے زیر تحت ص مستحصلہ ہے اسے لے لیا۔

۱۴۔ حرف درجہ ق ہے اس کا نمبر ایک ہے ترفعاً نمبر ۲ کے تحت عزیزہ کے سامنے ل مستحصلہ ہے ترفعاً ۲ کے تحت ل موجود مصدق ہے۔

۱۵۔ پندرھواں حرف درجہ ص ہے اس کا نمبر ۱ ہے اس کے تحت نظیرہ ارعی کے تحت الف موجود مستحصلہ ہے اس کے تنزلاً و ترفعاً نمبر ۱ و ۸ کے تحت الف موجود مصدق ہے۔

۱۶۔ سولھواں حرف درجہ س ہے اس کا نمبر ۲ ہے اس نمبر کے تنزلاً و ترفعاً نمبر ۱ و ۳ میں س مستحصلہ ہے۔ جو مصدق بھی ہے۔

۱۷۔ سترھواں حرف درجہ ت ہے اس کا نمبر ۵ ہے اس نمبر میں نظیرہ قمری کے سامنے ق مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۱ کے تحت ق موجود مصدق حرف مستحصلہ ہے۔

۴:۔ مستحصلہ کراریہ

یہ مستحصلہ آٹھ سطروں میں ناطق ہوتا ہے جسے برادرم سید فیض علی کے فرزند عزیزم سید کرار حسین زید حیاتہٗ اوچ شریف کے کسی ملا مرحوم کی کتاب سے نقل کرکے لائے چونکہ اس

ملا کا نام معلوم نہیں اس کا نام مستحصلہ کرادیہ مجوز ہوا جس کے قوانین لازمہ درج ذیل ہیں۔ اس کی اساس مستحصلہ ابراہیمیہ کی طرح بنائی جاتی ہے وہاں ملاحظہ ہو۔

۱۔ پہلی سطر میں خانہ بندی کے طور پہ حروف اساس درج کئے جاتے ہیں۔

۲۔ دوسری سطر میں ہر حرف اساس کا نظیرہ ابجد قمری سے لکھا جاتا ہے۔

۳۔ تیسری سطر میں حروف نظیرہ کو صدر موخر کر دیا جاتا ہے۔

۴۔ چوتھی سطر میں حروف صدر موخر کو ابجد القیغ سے نظیرہ دیا جاتا ہے۔ ابجد القیغ یہ ہے۔

ا	ی	ق	غ	ب	ک	ر	ج	ل	ش	د	م	ت	ه
ن	ث	و	س	خ	ز	ع	ذ	ح	ف	ض	ط	ص	ظ

ملاحظہ: پہلی سطر کے ہر حرف کا نظیرہ اس حرف کے نیچے کا حرف ہے اور نیچے کی سطر کے ہر حرف کا نظیرہ اس حروف کے اوپر کا حرف ہے۔

۵۔ اوپر کے ہر چار سطروں کا چوتھا چوتھا حرف لیا جاتا ہے اس طرح یہ پانچویں سطر بن جاتی ہے

۶۔ چھٹی سطر میں اوپر کی پانچوں سطروں سے اوپر سے نیچے عدد مفرد کو شمار کر کے درجہ بدرجہ ان پانچوں حروف کے تحت لکھا جاتا ہے اسے سطر میزان کہا جاتا ہے۔

۷۔ ساتویں سطر میں خانہ وار اعداد مفرد کو لکھا جاتا ہے۔ جس کی صورت یا قاعدہ اس طرح ہے

الف:۔ یا تو مفرد عدد ہی دائرہ انظاریہ سے جواب کا حرف ناطق کرتا ہے۔

ب:۔ یا عدد میزان سے اقل کو اکثر سے نفی کرنے سے جو عدد پیدا ہو حرف جواب کا گویا کرتا ہے۔

ج:۔ یا عدد میزان سے اقل کو اکثر سے نفی کرنے سے جو عدد پیدا ہو وہ حرف جواب کو گویا کرتا ہے۔

ملاحظہ:۔ یاد رہے کہ سوال کے آخر میں یوم سوال لکھا جاتا ہے اور یوم سوال کے اعداد کا مجموعہ جمل اکبر میں شامل کیا جاتا ہے مگر یوم سوال کے حروف اور تعداد حروف کو شامل جمل اکبر نہیں کیا جاتا۔ اس دقیق راز کی وجہ معلوم نہیں ہے۔

مثال:۔ سوال ہے

یا علیم کیا غوث بخش بن غلام جنت پھر ملازمت پہ بحال ہوگا۔ (اتوار) ۶۰۸

جمل کبیر سوال = ۴۹۲۶	عدد یوم سوال = ۶۰۸
حروف سوال = ۴۳	جمل اکبر = ۵۶۰۹
نقاط سوال = ۳۲	حروف (غ ہ ح ط)

ذیل کو ملفوظی کیا ط ا خ ا ه ا غ ي ن ۹ حروف = ط۔ ۵ نقطے = ه کل حروف ۱۱ = ا ي ہوئے ان کو ترتیب سے لکھا تو یہ حروف بنے جو کہ اساس ہے۔

ط ا خ ا ه ا غ ي ن ط ه ا ي

اب اس کا عمل صفحہ ۱۲ پر دیکھو۔

	۱	۲	۲	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
اساس	ط	ا	خ	ا	ه	ا	غ	ي	ن	ط	ه	ا	ي
نظیرہ	ش	س	ي	س	ق	س	ن	خ	غ	ق	خ	س	ن
صدر مؤخر	خ	ش	س	س	ق	ی	س	س	غ	ق	خ	س	ن
نظیرہ ایقیغ	ب	ي	غ	غ	د	ث	خ	خ	س	د	ب	غ	ا
حروف چہارم	ا	ي	ا	ي	ن	خ	ت	ي	ق	ل	د	س	غ
میزان	۲۳	۱۴	۱۵	۱۵	۱۸	۱۸	۱۷	۱۵	۱۴	۲۴	۲۰	۲۰	۱۴
عدد مقررہ	۲	۳	۶	۶	۹	۸	ترفع ۳	تنزل ۴	۴	۶	تنزل ۲	۲	۱
جواب	م	ل	ا	ز	م	ت	م	ل	ج	ا	ي	ک	ی

جواب۔ ملازمت مل جائے گی۔

یہ مستحصلہ کیسے حل ہوا —— دائرہ انتظاریہ سامنے رکھو۔

۱۔ خانہ میزان میں ۲۳ کا عدد ہے اس کا مجموعہ ۵ ہوتا ہے۔ اس نمبر کے تحت عنزیہ کے سامنے م مستحصلہ لیا اور دہائی کے عدد کے تحت م مصدق موجود ہے۔

۲۔ دوسرے خانہ میں عدد میزانی ۱۴ ہے۔ ۴-۱ باقی ۳ اس نمبر کے تحت ل مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۲ کے تحت نظیرہ ارعنی کے سامنے ل موجود مصدق ہے۔

۳۔ تیسرے خانہ میں عدد میزانی ۱۵ ہے ۵+۱=۶ اس نمبر کے تحت الف مستحصلہ لیا ترفعاً نمبر ۱ کے الف مصدق موجود ہے۔

۴۔ چوتھے خانہ عدد میزانی ۱۵ ہے ۵+۱=۶ ہوا اس نمبر کے تحت ارعنی کے سامنے ز مستحصلہ لیا ترفعاً نمبر ۱ کے تحت ز موجود مصدق ہے۔

۵۔ پانچویں کا عدد میزانی ۱۸ ہے ۸ جمع ۱ = ۹ اس نمبر کے تحت م مستحصلہ لیا پھر اس نمبر کے

نظیرہ قمری کے سامنے م موجود مصدق ہے۔

۶ چھٹے خانہ کا عدد میزانی ۱۸ ہے اس ۸ نمبر کالم کے تحت ت مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ التبیغ کے سامنے ت موجود مصدق ہے۔

۷ ساتویں خانہ کا عدد میزانی ۱۷ ہے ۷+۱=۸ ہوا ترفع کیا تو نمبر ۹ کے تحت م مستحصلہ ہے پھر نمبر میں م دوئم بھی مصدق ہے۔

۸ آٹھویں خانہ کا عدد میزانی ۱۵ ہے ۵ نفی باقی ۴ تنزلاً نمبر ۳ کے نیچے م مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر ۲ کے تحت نظیرہ ارضی کے سامنے ل موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

۹ نویں خانہ کا عدد میزانی ۱۴ ہے۔ ۴+۱=۵ ہے اس نمبر کے تحت ج مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۴ کے تحت نظیرہ از عزیزہ القیغ کے سامنے ج موجود مصدق ہے۔

۱۰ دسویں خانہ کا میزانی عدد ۴۲ ہے۔ ۴+۲=۶ ہوا اس نمبر کے تحت الف مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۵ کے تحت نظیرہ القیغ کے سامنے الف موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

۱۱ گیارھویں خانہ کا عدد میزانی ۲۰ ہے یہ ۲ کا عدد ہوا اس کا تنزل عدد ایک ہوتا ہے اس عدد کے تحت گ مصدق موجود ہے۔

۱۲ بارھویں خانہ میں عدد میزانی ۲۰ ہے یہ بھی ۲ کا عدد ہوا اس کے تحت ک مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۳ کے تحت عزیزہ کے سامنے ث موجود مصدق ہے۔

۱۳ تیرھویں خانہ کا میزانی عدد ۴۱ ہے ۴+۱=۵ اس نمبر کے تحت نظیرہ القیغ کے سامنے ی مستحصلہ ہے۔ ترفعاً نمبر ۶ میں ی مصدق موجود ہے۔

۳۔ مستحصلہ اصغریہ:۔

یہ مستحصلہ دائرہ تحریف و نظائر الحروف سے حل ہوتا ہے جسے دائرہ انظاریہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دائرہ اس سے پہلے مستحصلہ میں موجود ہے اور جدول نظائر الحروف حسب قول جمہور یہ ہے۔

ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ	
ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ	

ملاحظہ۔ اس جدول میں اوپر کے حروف کا عزیزہ نیچے کا حرف ہے اور نیچے کے حروف کا عزیزہ اوپر کا حرف ہے۔

قوانین مستحصلہ

نمبر ۱۔ سب سے پہلے تعدا [illegible] ف سوال کے مطابق ایک جدول بنالیں اس کی پہلی سطر میں شمار حروف کے مطابق ایک، دو، تین [illegible] ندہ جتنے حروف سوال کے ہوں اتنے ہندسے لکھ لیں یہ سطر شمار حروف کی ہوگی۔

۲۔ دوسری سطر [illegible] کے حروف ہر خانہ [illegible] فرد یا بسط مفرد کرکے لکھیں۔

۳۔ تیسری سطر میں [illegible] ار حروف کو مؤخر صدر رستہ تحریر کریں۔

۴۔ چوتھی سطر میں اس [illegible] طرح سوال کے بسط شدہ مفرد حر [illegible] تکسیر صدر مؤخر کرکے درج کریں۔

۵۔ پانچویں سطر میں اوپر کے حروف کو ہر حرف کا نظیرہ قمری لکھیں۔

۶۔ چھٹی سطر میں ہر حرف نظیرہ کو مطابق ابجد قمری سے ترفع کریں یعنے نظیرہ قمری اگر س ہے تو اس کے نیچے اس میں عین لکھ دیں اگر ر ہے تو اس کے نیچے اس سطر میں ش لکھیں علیٰ ہٰذا اسی طرح سارے سارے حروف سے یہ عمل کرکے یہ سطر مکمل کریں۔

جدول ترفع حرفی یہ ہے اس پر غور کیجئے۔

حروف ابجد	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
ترفع حرفی	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س
حروف ابجد	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
ترفع حرفی	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	ا

۷۔ سطر ترفع مکمل کر لینے کے بعد چھٹی سطر کے ہر حرف کے نیچے جدول اعداد سے جو کہ ذیل میں درج ہے ہر حرف کے عدد اس حرف کے نیچے لکھ دیں جدول اعداد حروف یہ ہے۔

حروف ابجد تسعات ایقغ	الف ا	ب ک ر	ج ل ش	د م ت	ه ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض	ط ص ظ	ی ق غ
اعداد حروف بالا	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

۸۔ یہ یاد رکھئے کہ جن حروف کے اعداد چار سے دس تک ہوں ان اعداد سے قانون کے تین تین اعداد نفی کر دیئے جاتے ہیں جو عدد باقی رہے اس میں شمار عدد تکسیر شدہ جو اس خانہ کے محاذ میں ہیں جن کو آپ نے تکسیر کر کے ہر حرف سوال کے بعد لکھا ہے یعنی مستحصلہ کی تیسری سطر کے عدد کے ساتھ جمع کرتے ہیں۔

۹۔ اسی طرح باقی اعداد کی نانویں سطر قائم کر لیں۔

۱۰۔ پھر دسویں سطر میں باقی اعداد اور اعداد تکسیر شدہ جمع کر لیں۔

۱۱۔ گیارھویں سطر میں یہ جمع شدہ اعداد ہر حرف کی لائن میں اس کے نیچے لکھیں یہ عدد دسویں [illegible] جمع ہے۔

۱۲۔ پھر اس حاصل جمع شدہ عدد کی اکائی یا دہائی یا دونوں کے مجموعہ یا ایک دو سے نفی کرنے سے جو عدد بنے اُسے دائرہ انظاریہ میں تلاش کریں اس میں جہاں یہ عدد لکھا ہوا ہو اُس کے نیچے لکھے ہوئے حروف میں سے کوئی حرف پسند کریں۔

۱۳۔ اب دیکھیں وہ حرف ناطق ہے یا نہیں اگر نہ ہو تو دوسرے پہ غور کرو کہ وہ بلحاظ ترتیب کے ناطق ہو تو بہتر ورنہ تیسرا چوتھا وغیرہ تلاش کر کے فقرے بنا کر جواب حاصل کریں۔ بفضلہ جواب شافی برآمد ہوگا۔ یہ مستحصلہ کی تیرھویں سطر ہوگی۔

ملاحظہ:۔ یہاں ایک بات یاد رہے کہ جس حرف جن کے عدد ایک سے تین تک ہوں ان سے تین کا عدد خارج نہیں ہو سکتا۔ اس کا قاعدہ یہ ہے ان سے تین کا عدد قانونی کم نہ کئے جائیں بلکہ

الف:۔ بلکہ اُس ہی عدد سے حرف مستحصلہ لیا جائے گا۔

ب:۔ یا شمار خانہ جمع کر کے دائرہ ابجد یا دائرہ انظاریہ سے حرف مستحصلہ لیا جائے گا اور یہ ان کا عدد جہاں تین کا عدد نفی کرنے سے ایک باقی بچے وہاں بھی استعمال ہوتا ہے۔

ج:۔ اگر حرف ترفع جس کے اعداد سے آپ مستحصلہ کا استخراج کر رہے ہیں خود مستحصلہ میں آ رہا ہے تو آگے حصول مستحصلہ میں آنے والا عمل متروک ہوگا اور صرف حرف ترفع ہی لیا جائے گا

د:۔ اگر کہیں ایسا مقام آ جائے کہ جملہ قواعد استعمال کرنے کے بعد مطلوبہ حرف پیدا نہ ہو تو لازماً ترفع کاٹ کر اس کا نظیرہ لے کر متذکرہ قواعد سے حرف پیدا کیا جاتا ہے۔ اگر اس سے بھی حرف مطلب پیدا نہ ہو تو پھر اصل حرف سوال پر عمل کیا جاتا ہے۔

مزید تفہیم حصول جواب

۱۔ حاصل جمع عدد اگر مفرد ہو تو ویسے دیا جائے اور اگر مرکب ہو تو جمع کر کے اس کی اکائی بنا کر [illegible] جاتا ہے

۱۔ عدد حاصل کی کسر لی جاتی ہے یا اُسے تکسیر کرکے جو نظیر یا تقسیم جس عدد پر ہو سکے بقایا عدد لیا جاتا ہے۔

۲۔ یا حاصل عدد کے حروف کا ترقمی عدد لیا جاتا ہے۔

۴۔ یا کسی حاصل جمع کے عدد کو نصف یا تہائی وغیرہ یا کسی عدد پر تقسیم کر کے اس کا حاصل تقسیم عدد کا حرف لیا جاتا ہے۔

۵۔ یا حاصل جمع کو دُگنا تگنا یا چار گنا وغیرہ کر کے اس کا حرف لیا جاتا ہے۔

۶۔ یا حاصل جمع کا ترفع یا تنزل کیا جاتا ہے یا ترفع یا تنزل کی کوئی قسم برتی جاتی ہے۔

۷۔ یا بقیہ عدد کا حرف لیا جاتا ہے۔

۸۔ یا اگر عدد مفرد ہو اور وہ کام نہ دے تو اُسے دہائی یا سینکڑہ یا ہزار بنا کے اس کا حرف یا اس کا نظیرہ دیا جاتا ہے۔

۹۔ یا حرف ترفع کاٹ کر اس کی بجائے اس کا نظیرہ لے کر باقی عمل کر کے حرف بنایا جاتا ہے۔

۱۰۔ یا نظیرہ کا حرف برقرار رکھا جاتا ہے۔

تلک عشرہ کاملہ

ملاحظہ:۔ اس مستحصلہ کی مثال آئندہ صفحہ پر دیکھو اور دائرہ نظاریہ سامنے رکھو جو اس کتاب کے پہلے مستحصلہ میں موجود ہے۔

مثلاً:۔ سوال ایک آدمی نے کیا جو یہ ہے۔

سوال:۔ غلام اصغر کا سفر ایران کامیاب ہوگا؟

اعداد شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
حروف سوال	ع	ل	ا	م	ا	ص	غ	س	ک	ا	س	ف	س	ا	ی	س	ا	ق	ک	ا	م	ی	ا	ب	ھ	و	گ	ا
تکسیر اعداد شمار	۲۸	۱	۲۷	۲	۲۶	۳	۲۵	۴	۲۴	۵	۲۳	۶	۲۲	۷	۲۱	۸	۲۰	۹	۱۹	۱۹	۱۸	۱۱	۱۷	۱۲	۱۶	۱۳	۱۵	۱۴
تکسیر حروف سوال	ا	ع	ک	ل	و	ا	ھ	م	ب	ا	ا	ص	ی	غ	م	س	ا	ک	ک	ا	ن	س	ا	ف	س	ش	ی	ا
نظیرہ قمری	س	ن	ذ	ض	ہ	س	ق	ظ	ع	س	س	د	خ	ن	ظ	ہ	س	ذ	ذ	س	غ	ا	س	ج	و	د	خ	س
ترفع حرفی	ع	س	ض	ظ	ش	ع	س	غ	د	ع	ع	ھ	خ	س	غ	ش	ع	ض	ض	ع	ا	ب	ع	د	ش	ش	ذ	ع
عدد حرف	۷	۶	۸	۹	۳	۷	۲	۱۰	۸	۷	۷	۵	۷	۶	۱۰	۵	۷	۸	۸	۷	۱	۲	۶	۴	۷	۷	۶	۷
عدد قانون	۳	۳	۳	۳	-	۳	۰	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۰	۰	۳	۳	۳	۳	۳	۳
بقیہ عدد	۴	۳	۵	۶	-	۴	۰	۷	۵	۴	۴	۲	۴	۳	۷	۲	۴	۵	۵	۴	۰	۰	۳	۱	۴	۴	۴	۴
جمع شمار عدد تکسیر	۲۸	۱	۲۷	۲	۲۶	۳	۲۵	۴	۲۴	۵	۲۳	۶	۲۲	۷	۲۱	۸	۲۰	۹	۱۹	۱۰	۱۸	۱۱	۱۷	۱۲	۱۶	۱۳	۱۵	۱۴
حاصل جمع	۳۲	۴	۳۴	۸	۲۹	۷	۲۵	۱۱	۲۹	۹	۲۷	۸	۲۶	۱۰	۲۸	۱۳	۲۴	۱۴	۲۴	۱۴	۱۸	۱۱	۲۱	۱۳	۲۰	۱۷	۲۹	۱۸
عدد مستحصلہ	۱	۳	۲	۸	۲	۶	۵	۱	۹	۹	۷	۸	۶	۱	۸	۲	۶	۵	۲	۱	۹	۱	۱	۴	۵	۶	۴	۱
جواب حرف مستحصلہ	س	ث	س	ع	ل	ا	م	ا	ص	ع	س	د	س	ا	ی	س	ا	ہ	ک	ا	م	ی	ا	ب	ھ	و	گ	ا
عمل جواب		ایک کم باقی ۳ ث لیا				ایک کم باقی ۶ ل لیا	از معجزہ عرب			ترفع کیا الف آیا ع لیا																ابجد قمری ۵ و لیا	تنزل سے گ لیا	

یہ مستحصلہ کیسے حل ہوا

۱ حاصل جمع عدد ۳۲ ہے ۳ نفی ۲۹ باقی ۳ دائرہ النظائر میں نمبر ایک کے نیچے س مستحصلہ ہے جس کا مصدق نمبر ۲

کے تحت ترفعاً عزیزیہ کے سامنے ایک موجود نظیرہ ایقغ میں س موجود ہے۔

۲۔ دوسرے خانہ میں حاصل جمع عدد مستحصلہ ۳ ہے اس کے تحت ق مستحصلہ ہے جس کا معد اسی نمبر کے تحت نظیرہ ایقغ کے سامنے ق موجود مصدقہ ہے۔

۳۔ تیسرے خانہ میں عدد مستحصلہ ۲ ہے اس کے تحت تہ مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ایک کے تحت عزیزیہ ایک کے سامنے س موجود مصدق ہے۔

۴۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۳ ہے اس کے نیچے نظیرہ ارعی کے سامنے غ موجود مستحصلہ ہے۔

۵۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ہے اس کے نیچے نظیرہ ارعی کے سامنے ل مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۴ کے تحت ل موجود مصدقہ ہے۔

۶۔ اس میں عدد مستحصلہ ہے اس کے نیچے نظیرہ قمری کے سامنے الف مستحصلہ ہے جس کے نمبر ۵ کے نیچے نظیرہ ایقغ کے سامنے الف موجود مستحصلہ ہے۔

۷۔ اس میں عدد مستحصلہ ۵ ہے۔ اس نمبر کے نیچے عزیزہ ایقغ کے سامنے م مستحصلہ ہے جس کے تنزلاً نمبر کے نیچے م موجود مصدقہ ہے۔

۸۔ اس میں عدد مستحصلہ ایک ہے اس نمبر کے نیچے الف مستحصلہ ہے جس کے ترفعاً نمبر ۹ کے نیچے عزیزیہ ایقغ کے سامنے الف موجود مصدق مستحصلہ ہے۔

۹۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۹ ہے اس کے نیچے ص مستحصلہ ہے اور تنزلاً نمبر ۸ کے نیچے ص موجود مصدقہ ہے۔

۱۰۔ اس دسویں خانہ میں عدد مستحصلہ ۸ ہے اس عدد کے تنزلاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ ارعی کے سامنے غ مستحصلہ ہے اور ترفعاً نمبر ایک کے غ مصدق ہے۔

۱۱۔ اس میں عدد مستحصلہ ۷ ہے اس نمبر کے نیچے نظیرہ ایقغ کے سامنے تہ مستحصلہ ہے اور ترفعاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے تہ موجود مصدق ہے۔

۱۲۔ یہاں عدد مستحصلہ ۸ ہے اس کے نیچے نظیرہ ایقغ کے سامنے د مستحصلہ ہے اور ترفعاً نمبر کے تحت نظیرہ قمری کے سامنے د موجود مصدقہ ہے۔

۱۳۔ یہاں عدد مستحصلہ ۳ ہے اس نمبر کے نیچے دائرہ میں تہ مستحصلہ ہے اور ترفعاً نمبر ۵ کے نیچے نظیرہ ایقغ کے سامنے تہ موجود مصدق ہے۔

۱۴۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ایک ہے اس کے نیچے الف مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ۲ کے تحت تہ مصدق مستحصلہ ہے۔

۱۵:- میں عدد مستحصلہ ۸ ہے اس کے ذیل نظیرہ ارضی کے سامنے ی مستحصلہ ہے تنزلاً ۸ نفی ۲ = ۶ [illegible]
نیچے نظیرہ قمری کے سامنے بھی ی اور ترفعاً نمبر کے نیچے بھی ی مزید مصدق ہے

۱۶:- اس سولھویں خانہ میں عدد مستحصلہ ۴ ہے کے نیچے س مستحصلہ ہے اور ترفعاً نمبر ۳ کے [illegible]
ارضی کے سامنے س موجود مصدق ہے۔

۱۷:- یہاں عدد مستحصلہ ۱ ہے اس کے تحت الف مستحصلہ لیا اور تنزلاً نمبر ۵ کے تحت بھی الف [illegible]
موجود مصدق حرف مستحصلہ ہے۔

۱۸:- یہاں عدد مستحصلہ ۵ کے نیچے ن مستحصلہ لیا گیا کیونکہ تنزلاً نمبر ۴ تحت نظیرہ ارضی [illegible]
ن مصدق موجود ہے۔

۱۹:- یہاں عدد مستحصلہ ۲ کے نیچے ک مستحصلہ لیا گیا کیونکہ ۴+۲=۶ کا ترفع ۷ کے نیچے ک [illegible] مصدق
مستحصلہ ہے۔

۲۰:- یہاں عدد مستحصلہ ایک ہے کے نیچے الف مستحصلہ ہے چونکہ عدد حاصلہ ۴ اتفاً [illegible]
تحت نظیرہ الیقغ کے سامنے الف مصدق حتمی موجود ہے۔

۲۱:- کا عدد حاصلہ ۱۸ ہے ۸+۱=۹ ہے اس نمبر کے نیچے نظیرہ قمری کے سامنے م [illegible]
کیا گیا۔

۲۲:- اس خانہ کا عدد حاصلہ ۱۱ ہے اس کی اکائی کا ایک عدد مستحصلہ ہے اس ایک [illegible] ق
حرف مستحصلہ قرار دیا گیا۔

۲۳:- یہاں عدد مستحصلہ ایک ہے اس نمبر کے نیچے الف مستحصلہ لیا گیا کیونکہ ترفعاً نمبر ۲ [illegible]
نظیرہ الیقغ کے سامنے الف موجود مصدق ہے۔

۲۴:- اس کے عدد مستحصلہ ایک کے نیچے ب مستحصلہ ہے اس کے ترفعاً نمبر [illegible] موجود
مصدق مستحصلہ ہے۔

۲۵:- اس خانہ کا عدد حاصلہ ۰ ہے اس کا پانچواں حصہ ۵ ہوا۔ اس نمبر کے نیچے ہ مستحصلہ ہوا ترفعاً
نمبر ۸ کے نیچے نظیرہ الیقغ کے سامنے ہ موجود مصدق ہے۔

۲۶:- کا عدد مستحصلہ ۴ ہے اس کے تحت د مستحصلہ ہے اور تنزلاً نمبر ۵ کے نیچے [illegible] موجود
مصدق ہے۔

۲۷:- حاصل جمع عدد ۲۹ پھر مستحصلہ ۲ ہوا۔ اس نمبر کے تحت ک مستحصلہ ہے پھر و نفی ۲ : ۰ [illegible]
اس میں ک موجود مصدق ہے۔

۲۸۔ اس کا عدد مستحصلا ایک ہے الف مستحصلہ ہوا تو رفعاً نمبر ۲ کے تحت عزیزہ الیقغ کے سامنے الف موجود مصدق ہے۔

واللہ عالم بالصواب

۱۴۔ مستحصلہ علوی

مجھے یہ حل شدہ مستحصلہ ایک دوست نے دیا تھا جو فارسی زبان میں تھا اور آج میرے پاس موجود ہے اس مستحصلہ کو سید علی مشہدی کے فرزند اکبر سید محمد حسین ایرانی نے باب مدینۃ العلم حضرت علی علیہ السلام سے منسوب کیا ہے فی الواقع یہ حضرت تاجدار ولایت و امامت کے فیوضات مقدسہ کے علمی جواہر گراں مایہ سے ایک جوہر تاباں ہے میں نے اس کا ترجمہ اردو میں کیا ہے جو کہ ناظرین اور شائقین با تمکین حضرات کے لئے نہایت سہل ترین انداز میں حسب فرمائش محترم المقام دوست کے قرباں ان کے اخلاق کریمانہ کے پیش نظر ناظرین کرتا ہوں۔ جو صاحب اس معرکہ علم سے کچھ دست رس رکھتا ہوگا وہ حصول جواب با الصواب سے ہرگز محروم نہ رہے گا کہتے ہیں کہ یہ مستحصلہ بدوح شن کی ایک قسم ہے اس کے ساتھ چند شرائط و چند قواعد لازمہ بھی ہیں جو کراچی کے سید سرافراز حسین رضوی نے تحریر فرمائے ہیں۔ میں ان شرائط کو نہایت معذرت کے ساتھ ان کی فراغت نسبی کے پیش نظر یہاں درج کرنے کی جرأت کرتا ہوں اور ان کی عالی نسبی سے عفو کی توقع رکھتا ہوں کہ موصوف کے حل اور اس طریقہ میں بھی فرق ہے اور قواعد میں اختلاف ہے۔

شرائط مجوزہ

۱۔ محصل و عامل عبادت گذار و نیک نیت اور پاک صاف اور باوضو ہو۔

۲۔ عامل حتی الامکان کذب و افتراء سے بری ہو اور اکل حلال اور صدق مقال کا ذاتی جوہر اس میں موجود ہو۔

۳۔ دشمنان محمد و آل محمد سے ہر وقت بیزار رہے اور ولائے محمدؐ و اصحاب عصمت اس کے دل میں ہر وقت موجزن ہو۔

۴۔ قلب و دماغ کے اجتماع سے کسی سوال کا جواب استخراج کرتے وقت محمدؐ و آل محمد پر بکثرت درود شریف پڑھا کرے۔

۷۔ پھر ان حروف کو گن کر ان کی تعداد کے مطابق ابجد قمری سے حروف بنا کر سابقہ حروف کے آگے لکھا جاتا ہے یہ سطر جواب بنائی گئی ہے سطر اساس ہوگی پھر ان سارے حرفوں کے مطابق ایک جدول بنا کر ان حرفوں کو علیحدہ علیحدہ خانوں میں لکھیں اور ان پر نمبر شمار لگا دیں۔

۱۔ پہلی نمبر شمار کی سطر ہوگی۔
۲۔ دوسری سطر نمبر شمار کے نیچے سطر حروف اساس کی ہوگی۔
۳۔ تیسری سطر میں حروف اساس کو ابجد اعظم سے نظیرہ دے دیں۔
۴۔ چوتھی سطر میں تیسری سطر نظیرہ ابجد اعظم کو صدر مؤخر کر دیں۔
۵۔ پانچویں سطر میں صدر مؤخر کے ہر حرف کا نظیرہ ابجد قمری سے دے دیں۔

ابجد اعظم یہ ہے

اساس	ا	ه	ط	م	ف	ش	ذ	ب	و	ي	ن	ص	ت	ض	نظیرہ
نظیرہ	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	اساس

ابجد قمری معہ اعداد

اعداد حروف	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
اساس	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	نظیرہ
اعداد حروف	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	
نظیرہ	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	اساس

ملاحظہ ہو کہ اوپر کے ہر حرف کا نظیرہ اس کے نیچے کا حرف ہوگا اور ہر نیچے کے حرف کا نظیرہ اوپر کا حرف ہوگا

۶۔ چھٹی سطر میں ہر حرف نظیرہ کا جدول ذیل سے[1] حرف کے نیچے اس کا عدد لکھ دیں اور جس حرف کے جدول ذیل میں کوئی عدد نہ ہو اس حرف کے نیچے صفر لگا دیں۔

---

[1] سید سرفراز علی صاحب ۵۰۳ کا جمع کرنا غیر مناسب سمجھتے ہیں۔

جدول اعداد الحروف اسطقسیہ

(۵-۳-۶-۴) عدد ربع اوّل [illegible]

عدد ربع اوّل	×	۱	۲	۳	۴	۵	۶
حروف آتشی	ا	ہ	ط	م	[illegible]	ش	ذ
عدد حروف آتشی	۶	۱	۳	۱	[illegible]	۱	[illegible]
حروف بادی	ب	و	ي	ن	[illegible]	ت	ض
عدد حروف بادی	۱	۳	۱	۳	[illegible]	۳	۵
حروف آبی	ج	ز	ك	س	[illegible]	ث	ظ
عدد حروف آبی	۳	۵	۳	۵	۱	۵	×
حروف خاکی	د	ح	ل	ع	[illegible]	خ	غ
عدد حروف خاکی	۵	×	۵	×	[illegible]	×	۵

ے ساتویں سطر میں تکرار حرفی پر عمل کیا جاتا ہے یہ تکرار ایک [illegible] سات تک ہوتی ہے یا لے جاتی ہے اگر اس تکرار میں سات سے زیادہ وہی حرف آئیں [illegible] تو پھر ایک سے یہ سلسلہ سات تک جا کہ ختم ہوگا علاوہ ازیں حرف مکرر کے عدد [illegible] تکرار کا عدد ان دونوں کا مجموعہ اگر سات ہو تو حذف کر دیا جائے گا اور اگر یہ مجموعہ عدد سات سے زیادہ ہو تو باقی عدد کو حساب میں لیا جا [illegible]۔ جیسے کہ الف کا چھ ہے اور یہ الف ایک بار مکرر آئے تو دونوں کا [illegible] ایک جیسا ہوگا اس لئے ہر دو عدد خارج از حساب ہوں گے اور اگر الف [illegible] مکرر آئے تو ۶+۴=۱۰ ہوگا۔ اس سے سات نفی کئے [illegible] گے اور باقی تین کا عدد حساب میں شامل کیا جائے گا۔

ے۔ اس کی آٹھویں سطر میں قانون ربعات پر عمل کیا جاتا ہے [illegible] قانون تو بدوح [illegible] کی مانند ہے اُس میں پہلے ربع کے چار خانوں میں چار دفعہ ایک ایک کا ہندسہ درج کیا جاتا ہے اور دوسرے ربع کے چار خانوں میں چار دفعہ دو دو کا ہندسہ درج کیا جاتا ہے تیسرے میں تین تین کا علے لہذا جہاں تک یہ سلسلہ جائے ایسے ہی یہ عمل کیا جاتا ہے معلوم رہے کہ ہر ربع چار چار خانوں پر مشتمل ہوتا ہے مگر اس مختصر کے قاعدہ میں کچھ اختلاف ہے وہ یہ کہ

اس عمل میں ربع اوّل کے ہر ایک حرف کو جدول اعداد الحروف اعظم میں دیکھو اس حرف کے لئے سب سے اُوپر والے خانہ میں اعداد در ربع اوّل کے سامنے اس حرف کے اوپر کونسا عدد لکھا[1] ہے جو عدد ہو اُسی عدد کو لکھا جائے گا۔

ملاحظہ:۔ مثلاً ا ب ج د ہے تو صفر ہ و ز ح ہے تو ایک اگر ط ی ک ل ہے تو ۲۔ اگر م ن س ع ہے تو تین۔ اگر ف ص ق ر تو ۴۔ اگر ش ت ث خ ہے تو ۵۔ اگر ذ ض ظ غ تو ۶ کا ہندسہ لکھا جائے گا۔ وغیرہ۔

۹۔ نانویں سطر میں قانون عشرات پر عمل کیا جاتا ہے جس کے مختلف قاعدے ہیں مگر یہاں جو قاعدہ مروج ہے وہ یہ ہے کہ پہلے خانہ میں صفر لگا کر آئندہ خانوں میں ایک دو تین چار وغیرہ دس تک لکھیں اس کے بعد پھر دو تین کا سلسلہ اسی طرح دس تک جاری رہے گا۔ علیٰ ہٰذہ جہاں تک یہ سلسلہ جائے

۱۰۔ دسویں سطر میں ہر خانہ کے کل اعداد کا اُوپر سے نیچے تک میزان کیا جائے گا اور اس عدد میزانی کو احاد یا عشرات سے مندرجہ ذیل جدول مستحصلہ تسعات ایقغ معہ نظائرہ مستحصلہ سے مناسب حرف لیا جاتا ہے اولاً عدد احاد سے کام لیا جاتا ہے یا ثانیاً عدد عشرات سے یا اقل اکثر سے جمع یا نفی کرنے پر جو عدد بنے اُس سے جدول میں حرف ناطق منتخب کیا جاتا ہے

۱۱۔ سب سے پہلے عدد میزان کو جس پر آپ عمل کر رہے ہیں دائرہ تسعات ایقغ میں دیکھیں اگر اسی مرتبہ کا حرف مل جائے جو مناسب مفہوم نطق جواب ہو تو وہی حرف لے لینا چاہیئے ورنہ اس کے نظیرہ ابجد قمری یا اُس حرف کے نظیرہ ابجد ایقغ سے بفضلہ تعالےٰ جواب گویا ہو جائے گا۔

۱۲۔ بعض مقامات پر حرف نمبر مراتب میں مجبوراً ترفع یا تنزل کرنے کا جواز ہے۔ مگر یہ شاذ و نادر ہوتا ہے جو اس طرح ہے کہ متحقق نمبر کے ایک نمبر پہلے یا بعد سے حرف لیا جاتا ہے اور یہ نمبر مراتب الحروف سے نو تک ہیں۔ ہر نمبر مرتبہ کے نیچے جس قدر حروف ہیں ان کا عدد مرتبہ وہی اس کے اوپر والا عدد ہوگا۔ اب حل شدہ مثال پر غور فرمائیے۔

---

[1] یہ عدد ۵-۳-۶-۴ ہیں۔ یہ عدد ربع اوّل میں لکھے جائیں گے۔

جدول متصلہ تسعات ایقغ معہ نظائرہ

نمبر مراتب	۱	۲	۳	
تسعات ایقغ	ای ق غ ع	ب ک ر	ج ل ش	د م ت
نظیرہ قمری	س خ ھ ن	ع ذ د	ف ض ث	ص ظ ح
نظیرہ ایقغ	ن ث و س	خ ش ع	ذ ح ف	ض ظ ص
نمبر مراتب	۵	۶	۷	۸
تسعات ایقغ	ھ ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض
نظیرہ قمری	ق غ ط	ر ا ي	ش ب ك	ت ج ا
نظیرہ ایقغ	ظ ا ي	ق غ ب	ک ر ج	ا [illegible] د

نمبر مراتب	۹
تسعات ایقغ	ط ص ض
نظیرہ قمری	ث د م
نظیرہ ایقغ	م ت ھ

سوال:۔ کیا مہر خان بن وسائی کو یہ دوسری شادی مبارک ہوگی؟

سوال کا جمل کبیر = ۲۰۹۳
سوال کے کل حروف = ۳۸
عدد لازمی = ۵۰۳

میزان جمل اکبر =	۲۶۳۴	کے حروف بنائیے	ھ ل خ ب غ	
جمل وسیط =	۲۶۷	"	ش س ر	
جمل صغیر =	۳۳	"	ح ل	
جمل اصغر =	۶	"	و	

اب جمل اکبر وسیط صغیر اصغر سے مستخرجہ شدہ حروف کو مخلوط کیا وہ اس طرح مخلوط ہوئے دال ل ا م ح اب ل غ ي ن ف ا س ی ن ل ا ع ی م ل ا م حا دیہ کل ۲۹ حروف ہیں۔

اس ۔لو حروف (ط ک) پہلے چھ ملفوظی حروف کے آگے لکھیے ۔ یہ سطر سنظر اساس ہوگی ۔ جس کے کل حروف ۱۳ ہیں اب ۱۳ خانہ کی جدول بنا کر یہ ۲۱ حروف علیحدہ اس میں لکھ دیئے ۔ اس کے بعد عمل حل پہلی مندرجہ قانونی تفہیمات کی روشنی میں کیا جاتا ہے جسے خوب ازبر کر کے سمجھ کر یاد رکھنا ضروری ہے ورنہ اس کا حل مشکل ہو جائے گا ہر عمل پہ متعدد بار مشق لازمی ہے بغیر مشق کے کوئی عمل راس نہیں آتا اگر جواب برآمد بھی ہوا تو محض غلط ہوگا

بواسیر کا
انواع و اقسام کا جامع
دار الشفا
بواسیر میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں
خون کا بہنا ہو دھارا، درد بے چینی
خارش اور جلن فوراً ختم
ہر قسم کی خونی اور بادی بواسیر کا خاتمہ
لاثانی اکسیر اور تیر بہدف
دفعیہ کیلئے
طب اسلامی
ویدک
ہومیوپیتھی
سوئی
شمسی
روحانی
طلسماتی
جادو ٹونے
سے علاج کیلئے
نجوم
پتھوں
رنگوں
ڈاکٹری
بائیوکیمک
طب یونانی
رحیمیہ دواخانہ شاہدرہ بہاولپور سے رجوع کریں....

شمار حرف	١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥	١٦	١٧	١٨	١٩	٢٠	٢١	٢٢	٢٣	٢٤	٢٥	٢٦	٢٧	٢٨	٢٩	٣٠	٣١
اساس	ح	ا	ل	ح	ي	م	ح	ا	ب	ا	غ	ي	ن	ت	ا	س	ي	ن	ر	ا	ج	ي	م	ش	ي	ن	د	ا	د	ط	ک
نظیرہ اعظم	ب	ج	ي	ا	ل	س	ت	ج	د	ج	ض	ل	ع	ه	ج	م	ل	ع	ص	ج	ا	ل	س	ث	ل	ع	ح	ج	ح	ک	ط
صدر و مؤخر	ط	ب	ک	ق	ح	ي	ج	ا	ح	ل	ع	س	ل	ت	ث	ج	س	د	ل	ج	ا	ض	ج	ل	ص	ع	ع	ه	ل	ج	م
نظیرہ قمری	ث	ع	ظ	ن	ت	خ	ف	س	ت	ض	ب	ا	ض	ح	ط	ف	ا	ص	ض	ض	س	ل	ف	ض	د	ب	ب	ق	ض	ف	ظ
عدد مفردہ	٥	٠	٠	٣	٣	٠	٣	٥	٣	٥	١	٦	٥	٠	٣	٣	٦	٥	٥	٣	٥	٥	٣	٥	٥	١	١	٣	٥	١	٣
تکرار حروف	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٢	٠	٢	٠	٠	٠	٢	٠	٠	٣	٣	٩	٣	٤	٢	٨	٥	٤	٠	٢	٣	٠	٥	٦	٢
عشرات	٠	١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	٢	٣
ربعات	٠	٣	٦	٤	٢	٢	٢	٢	٣	٣	٣	٣	٤	٤	٤	٤	٥	٥	٥	٥	٦	٦	٦	٦	٧	٧	٧	٧	٨	٨	٨
میزان	١٠	٤	٨	٧	٦	٧	١٣	١٤	١١	١٧	١٤	١١	١٤	٨	١٢	١٦	٢٠	١٨	٢٣	٢٢	١٥	١٤	١٨	٢٠	١٨	١٤	١٩	١٩	٢٨	١٩	١٣
عدد متصلہ	١	٤	١/٨	٥	٦	٧	١	٣	٦	٨	٥	١	٤	٥	٢	٧	١	٩	٤	١	٤	٥	٧	٢	٩	٦	١	١	٦	١	١
جواب	خ	د	ا	ا	س	ک	و	ش	ا	د	ی	ي	م	ن	س	ک	ي	م	د	ا	م	ي	ک	أ	م	ک	ا	ب	ي	س	ي
عمل حرف، خانوں میں کیا باقی ٢٤ خانے حسب قاعدہ آئے۔			ظروف ٢١ عدہ	٢ کم باقی ٥										٢ کم کئے باقی ٥			نصف ١ ہوا			١/٢ حصہ ١				نصف کیا باقی ١				قرعہ کیا			

جواب :۔ غلام کو شادی میں رکھے دلی کامیابی ہے ۹

یہ مستحصلہ اس طرح حل ہوا

نمبر۱ خانہ نمبر ایک میں عدد مستحصلہ ایک ہے اس نمبر کے نیچے خ مستحصلہ ہے تو فقط نمبر دو کے نیچے خ مصدق حروف مستحصلہ موجود ہے۔

نمبر۲ دوسرے خانہ میں عدد مستحصلہ ۴ ہے اس نمبر کے نیچے خ مستحصلہ لیا۔

نمبر۳ تیسرے خانہ میں عدد مستحصلہ کا آٹھواں حصہ کا ایک ہے اس نمبر کے تحت الف لیا۔

نمبر۴۔ چوتھے خانہ میں ۷ کا عدد مستحصلہ ۷ ہے دو کم کئے باقی ۵ اس نمبر کے نیچے الف لیا۔

نمبر۵۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۳ ہے اس نمبر کے تحت س مستحصلہ ہے لیا گیا۔

نمبر۶ چھٹے خانہ میں عدد مستحصلہ ۲ ہے اس نمبر کے تحت ك مستحصلہ لیا گیا۔

نمبر۷ ساتویں خانہ میں عدد مستحصلہ ایک ہے اس نمبر سے و مستحصلہ لیا گیا۔

نمبر۸ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۳ ہے اس نمبر سے ش مستحصلہ لیا گیا۔

نمبر۹ نانویں خانہ میں عدد مستحصلہ ۶ ہے اس نمبر سے الف مستحصلہ لیا۔

نمبر۱۰۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۸ ہے اس نمبر سے د مستحصلہ لیا۔

نمبر۱۱ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۵ ہے اس نمبر سے ي مستحصلہ لیا۔

نمبر۱۲۔ بارھویں خانہ میں عدد مستحصلہ ایک ہے ۲۱ سے پھر ي مستحصلہ لیا۔

نمبر۱۳۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۴ ہے اس نمبر سے ھ حرف مستحصلہ لیا گیا۔

نمبر۱۴ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۵ ہے جو ۸ سے تین کم کر کے لیا۔ اس نمبر سے ق لیا گیا

نمبر۱۵۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۲ ہے اس سے ت مستحصلہ لیا۔

نمبر۱۶۔ 〃 〃 〃 ۲ ہے اس سے ك مستحصلہ ہے

نمبر۱۷۔ 〃 〃 〃 ایک ہے اس نمبر سے ھ ي دونوں حرف لئے گئے

نمبر۱۸۔ 〃 〃 〃 ۹ ہے اس نمبر سے م مستحصلہ لیا گیا

نمبر۱۹۔ 〃 〃 〃 ۴ ہے 〃 د مستحصلہ لیا

نمبر۲۰۔ 〃 〃 〃 ایک ہے 〃 الف مستحصلہ لیا

نمبر۲۱ 〃 〃 〃 ۴ ہے 〃 م مستحصلہ لیا

۲۲۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۵ ہے۔ اس نمبر سے ی مستحصلہ لیا۔

۲۳۔ " " " ۷ ہے۔ " ک " ۔

۲۴۔ " " " ۲ ہے۔ " ا " ۔

۲۵۔ پچیسویں خانہ میں عدد مستحصلہ ۹ ہے۔ اس نمبر سے م حرف مستحصلہ۔

۲۶۔ اس خانہ میں عدد مستحصلہ ۶ ہے۔ " ی " ۔

۲۷۔ " " " ۱ ہے۔ " ا " " ترجا

۲۸۔ " " " ۱ ہے۔ " ب " "

۲۹۔ " " " ۶ ہے۔ " ی ۔ "

۳۰۔ " " " ۱ ہے۔ " س " "

۳۱۔ " " " ۱ ہے۔ " ی " "

ملاحظہ ہو یہ نتیجہ ابجد القمغ لفظ دائرہ انظاریہ سے بھی باحسن طریق حل ہوتا ہے۔

۵۔ مستحصلہ رمضانیہ:۔

یہ مستحصلہ ڈیرہ غازی خان کے دیہاتی فقیر بخش سید رمضان علی صاحب، جناب مرحوم ہو چکے ہیں نے بیان کیا تھا۔ اس میں ایک صفت یہ ہے کہ یہ مستحصلہ کے نظیرہ سے جواب دیتا ہے اور دائرہ انظاریہ [illegible] ہوتا ہے نہایت سہل ہے۔ اس کا قاعدہ بھی مختصر ہے اور [illegible] لوگ جنہیں عدد مستحصلہ [illegible] لینے ہیں کا قانون ہے کہ [illegible] صرف اکائی یا دہائی کے عدد [illegible] صرف اکائی کے عدد یا [illegible] عدد سے یا اقل کو اکثر سے نفی کرے یا دونوں عددوں کو جمع کرے [illegible] سے جو اکائی کا عدد [illegible] دہائی کا عدد جمع کرنے [illegible] مفرد نہ بنے تو ان کا [illegible] کر کے پھر مفرد بنا کر حروف مستحصلہ لیا جاتا ہے۔ قاعدہ یہ ہے [illegible] سوال کا ابجد قمری [illegible] لے کر کے اس میں تعداد حروف، نقاط سیاں کے [illegible] کر حروف کے آگے لکھ دیں پھر ان سب حروف کو ملفوظی [illegible] ملفوظی حروف [illegible] تعداد حروف ملفوظی کا [illegible] بنا کر سطر کے آگے لکھو پھر تعداد نقاط [illegible] حروف بھی الاسماء [illegible] یہ سطر جو بن جائے گی وہ اساس ہو گی۔ پھر سطر اساس کے حروف کے نیچے [illegible] دوسری سطر [illegible] اس کے نیچے نظیرہ قمری [illegible] تیسری سطر میں نظیرہ قمر کو صدر مؤخر کر دیں [illegible] ہر حرف کے نیچے چوتھی سطر میں ابجد القمغ سے عدد مفرد لکھ دیں۔

پانچویں سطر میں چوتھی سطر کے اعداد مفرد صدر مؤخر کر دیں۔ چھٹی سطر میں عدد مفرد اور عدد مؤخر کو اوپر سے نیچے میزان دیں یہ میزان ہر خانہ کا علیحدہ علیحدہ ہوگا اور ساتویں سطر میں دائرہ القاریہ سے حروف مستحصلہ لیں اور آٹھویں سطر میں حروف مستحصلہ کا نظیرہ دیدیں بفضلہ جواب ناطق ہوگا مستحصلہ کے حصول کا قاعدہ طریق حل مستحصلہ سے سمجھ لیں وہاں ذکر ہوگا اب مثال پر غور کیجئے۔

سوال:۔ یا علیم خدا بخش بن جندن کو کیا مرض لاحق ہے۔

جمل کبیر سوال معہ تعداد حروف و نقاط ۳۱۱۰ ہے ان کے حروف [ي ق ج غ] ہوئے ان کو ملفوظی کیا { ي ا ق ا ف ج ي م غ ي ن } یہ حروف گیارہ اُن کے حروف۔ ا ی ۔ نقطے ۱۲ = ب ی) یہ چار حروف سطر ملفوظی کے آگے لکھے تو سطر اساس طرح بنی (ي ا ق ا ف ج ي م غ ي ن ا ي ب ي) یہ پندرہ حروف ہیں۔

اساس	ي	ا	ق	ا	ف	ج	ي	م	غ	ي	ن	ا	ي	ب	ى
نظیرہ	خ	س	ه	س	ج	ث	خ	ظ	ن	خ	غ	س	خ	ع	خ
صدر مؤخر	خ	خ	ع	س	خ	ه	س	س	غ	ج	خ	ف	ن	خ	ظ
عدد مفرد	۶	۶	۷	۶	۶	۵	۶	۶	۱	۳	۶	۸	۵	۶	۹
صدر مؤخر	۹	۶	۶	۶	۵	۷	۸	۶	۶	۶	۱	۳	۱	۲	۶
میزان	۱۵	۱۲	۱۳	۱۳	۱۱	۱۲	۱۴	۱۲	۷	۹	۷	۱۱	۶	۸	۱۵
مستحصلہ	ظ	و	ل	ف	ا	ظ	خ	ض	ت	ه	خ	ق	س	خ	ا
جواب النظیرہ	م	س	ض	ج	س	م	ي	ل	ح	ق	ه	ي	ا	س	ي

جواب:۔ مرض جنی لاحق ہے اسے ؟

طریق حصول مستحصلہ:۔

نوٹ:۔ ترفع و تنزل اس مستحصلہ کی جان ہے۔

۱۔ پہلا میزان عدد ۱۵ ہے جس سے ۵ کا لیا اس نمبر کے نیچے دائرہ میں نظیرہ ایقغ کے سامنے ظ مستحصلہ [illegible] نمبر ۲ نیچے ظ موجود مصدق ہے۔

۲۔ دوسرا میزان عدد ۱۲ ہے نمبر ۲ کے نیچے [illegible] مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ا کے تحت د موجود مصدق ہے۔

۳۔ تیسرا عدد میزانی ۳ ہے ۳ کے عدد کے تحت ل مستحصلہ ہے۔ تنزلاً نمبر ۲ کے تحت نظیرہ ارغی کے سامنے ل موجود مصدق ہے۔

۴۔ چوتھا عدد میزانی ۱۲ ہے نمبر ۲+۱=۳ نمبر کے نیچے نظیرہ القیغ کے سامنے اور نظیرہ قمری کے سامنے مصدق ن مستحصلہ ہے۔

۵۔ پانچواں عدد میزانی ۱ ہے ایک کے سامنے الف مستحصلہ ہے ۱+۱=۲ نمبر کے نیچے عزیزہ القیغ کے سامنے الف موجود مصدق ہے۔

۶۔ چھٹا عدد میزانی ۱۲ ہے دہائی کے نمبر ایک کے تحت نظیرہ ارغی و عزیزہ کے سامنے ظ مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۹ کے نیچے ظ موجود مصدق ہے

۷۔ یہ عدد میزانی ۱۴ ہے ۴+۱=۵ ہے اس نمبر کے تحت عزیزہ کے سامنے خ مستحصلہ ہے اور دہائی کے ایک کے نیچے نظیرہ قمری کے سامنے خ موجود مصدق ہے۔

۸۔ یہ عدد میزانی ۲ ہے ۲+۱=۳ نمبر کے نیچے نظیرہ میں ض مستحصلہ ہے اور ترفعاً نمبر ۴ کے نیچے نظیرہ القیغ میں ض موجود مصدق ہے۔

۹۔ نانواں عدد میزانی ۷ ہے ترفعاً نمبر ۸ میں ت مستحصلہ لیا اور ترفعاً نمبر ۹ کے تحت نظیرہ القیغ میں ت موجود مصدق ہے۔

۱۰۔ یہ عدد میزانی ۹ ہے اس نمبر کے تحت نظیر القیغ کے سامنے ہ مستحصلہ ہے ترفعاً نمبر ایک کے سامنے نظیرہ قمری میں ہ موجود مصدق ہے۔

۱۱۔ یہ عدد میزانی ۸ ہے نمبر سات کے نیچے خ مستحصلہ لیا تنزلاً نمبر ۶ کے نیچے خ موجود مصدق ہے۔

۱۲۔ یہ عدد میزانی ۱ ہے اس کی اکائی کے تحت ق مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۹ کے تحت بھی ق موجود اور ترفعاً نمبر ۲ کے تحت عزیزہ کے سامنے ق موجود مصدق ہے۔

۱۳۔ یہ عدد میزانی ۱ ہے اس نمبر کے نیچے الف مستحصلہ ہے اس کے تنزلاً نمبر ۵ کے نیچے نظیرہ القیغ میں الف مصدق موجود ہے۔

۱۴۔ یہ عدد میزانی ۸ ہے اس کے تنزلاً نمبر ۷ کے نیچے نظیرہ ارغی کے سامنے خ مستحصلہ ہے اسی طرح نمبر ۶ کے تنزلاً خ موجود مصدق ہے۔

۱۵۔ پندرھواں عدد میزانی ۱ ہے اس نمبر کے نیچے س مستحصلہ ہے اور دوسری دفعہ اس نمبر

کے نیچے نظیرہ الفغ کے سامنے س موجود مصدق ہے۔

ملاحظہ :۔ کسی مستحصلہ میں حرف حتمی مستحصلہ وہ ہوتا یا تو خود اپنے نمبر کے [illegible] موجود ہو اور ترفعاً یا تنزلاً اس خانہ کے نیچے حرف موجود ہو کر اس کی تصدیق کرے۔ ۱۲

۱۶۔ مستحصلہ :۔ مختار الابرار

(۱) سوال بسط کبیر بنا کر پھر اس جمل کے حرف بنا کر ان حروف کو ملفوظی کرو۔ پھر سوال کے حروف تمام لے کے ان کے بھی حرف بنا کر ملفوظی کر کے سوال کے حروف کے آگے لکھو پھر سارے حروف کے نقطوں کی تعداد کے حروف بھی ملفوظی کر کے ان کے آگے لکھو اسی طرح بے نقط حروف کے حرف بنا کر اور ملفوظی کر کے آگے درج کرو پھر نقطوں والے حروف کی کل تعداد کے حرف لے کر آگے لکھو یہ سطر سطر اساس ہوگی۔

پھر دوسری سطر حروف اساس کے نیچے اس کے۔ حرف کو ابجد اعظم سے نظیرہ دے دو۔

پھر تیسری سطر میں دوسری سطر کے ہر حرف کے تحت تسعات الفغ کے عدد مفرد لکھو

پھر چوتھی سطر میں عدد ربعات لکھو جو اس طرح ہے یعنی پہلے حروف کے نیچے پہلے ربع میں ایک دوسرے حرف کے نیچے دو تیسرے حرف کے نیچے تین چوتھے حرف کے نیچے چار کا عدد لکھو۔ یہ عمل سارے ربعات سے کر کے یہ سطر مکمل کرو۔

پھر اس سطر کے نیچے پانچویں سطر عشرات کی لکھو عشرات آخری عدد سے الٹے لکھو ایک سے نو تک دسویں حرف کے نیچے پھر ایک اور گیارھویں حرف کے دو اسی طرح ساری سطر سے بھی عمل کرو۔ دیکھو جدول حل مستحصلہ۔

(و) اس پانچویں سطر کے نیچے یہ چھٹی سطر تکرار حروف کی لکھو یہ تکرار ایک سے نو خانوں تک ہوگی۔ دسویں خانہ میں پھر ایک سے بدستور بالا لکھنا شروع کرو۔ اگر کوئی حرف مکرر نہ ہو تو سب کے نیچے ایک ایک لکھ دو۔

(ز) ساتویں سطر میں اوپر سے نیچے ربعات و عشرات و تکرار حرف کے عددوں کی میزان لگانا ہے کی جو کسی خانہ میں اکائی یا دہائی پر مشتمل ہوگی۔

(ح) آٹھویں سطر اعداد مستحضرہ کی ہوگی عدد مستحضرہ یا مستحصلہ لینے کا قانون میں اس وجیزہ میں ہر مستحصلہ کے ساتھ لکھ رہا ہوں۔ وہاں دیکھ کر اس کے تحت عدد مستحضرہ بناؤ

یہ عدد مستحصلہ صرف اکائی کا عدد ہوتا ہے جب [illegible] بن جائے تو دائرہ انظاریہ سے نویں سطر میں حروف ناطق استخراج کر کے جواب کو مکمل کرو۔

ملاحظہ :-

سوال مختصر ہونا چاہیئے مگر جامع المفہوم ہو۔ مزید سمجھ کے لئے ایک سوال کے جواب کے لئے یہ مثال دیکھیے۔

سوال ہے :- کیا میں سفر کروں ؟

جمل کبیر ۸۴۲ حروف بنائے۔ ب م ض۔ سوال کے حروف ۱۲ ہیں۔ د ي لفظی ۱۱ = ا ي = بے نقطہ حروف ۵ = ح ، نقطہ والے حروف ۸ = ح = کل حروف یہ ہوئے {ب م ض د ي ا ي ح ح } مکرر حروف حذف کر دیئے خالص حروف یہ رہ گئے (ب م ض د ا ي ح الف کے سب حروف کو ملفوظی کیا الف چونکہ اعظم کا تھا اسے ملفوظی نہ کیا تو ملفوظ شدہ حروف یہ ہوئے (ب ا م ي م ض ا د و ا د ا ي ا ح ا) یہ کل ۱۶ حروف مستحصلہ کی اساس ہیں۔

جواب کی درستی نسبت کے لئے اگر کوئی عدد حذف کرنا پڑے تو عدد تکرار سے حذف کیا جائیگا لیکن کسی عدد کا حذف کرنا بھی مستحصلہ کے لئے عیب ہے مگر دائرہ انظاریہ اس عیب کو دور کر دیتا ہے محض ترفع دائرہ حروف سے جواب کا فقرہ بھی صحیح بن جاتا ہے کسی حرف کے حذف کرنے کا عیب بھی دور ہو جاتا ہے اب مستحصلہ پر غور فرمایئے۔

اساس	ب	ا	م	ی	م	ض	ا	د	و	ا	د	ا	ي	ا	ح	ا
نظیرہ اعظم	د	ج	س	ل	س	غ	ج	ب	ح	ج	ح	ج	ل	ع	د	ث
اکائی الفقع	۴	۳	۶	۳	۶	۱	۳	۲	۸	۳	۸	۲	۳	۳	۶	۲
ربعات	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
عشرات	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
تکرار حروف	۱	۱	۱	۱	۲	۱	۲	۱	۱	۳	۲	۴	۲	۲	۱	۱
میزان	۱۳	۱۳	۱۵	۱۲	۱۲	۶	۹	۱۶	۱۷	۱۵	۱۹	۱۶	۱۰	۱۰	۱۲	۹
عدد مستحصلہ	۴	۲	۶	۲	۲	بدل	۹	۶	۶	۱	۹	۶	۱	حرف منع ۲	۱	۹
مستحصلہ	س	ف	ر	ب	خ	ع	ھ	خ	و	ف	م	ر	ض	م	ن	ع

جواب :- سفر بخیر بخوف مرض منع ؟ یہ مستحصلہ مختار الابدال کے نام سے موسوم تھا۔

حل مستحصلہ ہذا:۔ از دائرہ انظاریہ۔ (نمبر خانہ مستحصلہ بتاتے ہیں)

نمبر ۱:۔ پہلا عدد میزانی ۳ ہے ۳+۱=۴ عدد مستحضرہ ۴ ہے نمبر ۴ کے نیچے من مستحصلہ لیا۔

نمبر ۲:۔ دوسرے خانہ میں عدد میزانی ۳ ہے عدد مستحضرہ ۳ ہے اس نمبر سے ق مستحصلہ لیا۔

نمبر ۳:۔ اس خانہ میں عدد میزانی ۵ ہے ۵+۱=۶ اس نمبر کے تحت سہ مستحصلہ لیا۔

نمبر ۴:۔ اس میں عدد میزانی ۱۲ ہے ۲ لیا اس کے نیچے ب مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ۱ کے تحت تہ مصدق ہے

نمبر ۵:۔ اس میں عدد میزانی ۱۲ ہے عدد مستحضرہ ۲ لیا اس کے نیچے و مستحصلہ لیا نمبر ۱ میں بھی و مصدق ہے

نمبر ۶:۔ یہاں عدد میزانی ۶ ہے تنزلاً نمبر ۵ کے نیچے ج مستحصلہ لیا۔

نمبر ۷:۔ یہاں عدد میزانی ۹ ہے ۵ مستحصلہ ہے تنزلاً نمبر ایک کے تحت ۵ موجود مصدق ہے۔

نمبر ۸:۔ یہاں میزانی عدد ۱۶ ہے ۶ کے تحت ح مستحصلہ ہے اور نمبر ایک کے تحت ح موجود مصدق ہے

نمبر ۹:۔ اس خانہ میں عدد میزانی ۱۰ ہے ۱ نفی ۱ باقی ۶ ہے و مستحصلہ لیا تنزلاً نمبر ۵ کے تحت و مصدق ہے

نمبر ۱۰:۔ یہاں میزانی عدد عدم ہے دائی کے ایک کے تحت کوئی حرف گویا نہیں تنزلاً نمبر ۶ کے تحت ف مستحصلہ لیا

نمبر ۱۱:۔ یہ میزانی عدد ۱۹ ہے ۹ لیا اس کے تحت ط مستحصلہ لیا۔

نمبر ۱۲:۔ اس میں عدد میزانی ۶ ہے جس کے نیچے ر مستحصلہ ہے لیا۔

نمبر ۱۳:۔ یہاں عدد میزانی ۱۰ ہے ایک کے تحت من مستحصلہ لیا۔

نمبر ۱۴:۔ " " " ۱ ہے ایک بڑھایا ۲ ہو گئے اس نمبر کے نیچے م مستحصلہ ہے لیا۔

نمبر ۱۵:۔ اس میں میزانی عدد ۱۲ ہے ایک لیا اس نمبر کے تحت ن مستحصلہ لیا۔

نمبر ۱۶:۔ سولھواں میزانی عدد ۹ ہے اس نمبر کے نیچے ع مستحصلہ ہے لیا گیا۔

۷۔ مستحصلہ قرآنی:۔

یہ مستحصلہ میرے پاس ایران کے دوست نے برائے تفہیم خود ارسال کیا تھا۔ قرآن شریف خدانخواستہ اپنے حفاظ سمیت دنیا میں عنقا صفت ہو جائے تو ایسا مستحصلہ ہے کہ اس کے ذریعہ سے قرآن مجید کو پھر سے اسی حیثیت میں بجواب مابین الدفتین ہے ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ قرآن حکیم کی کسی آیت کا کوئی فقرہ یا ٹکڑا اگر مل جاوے تو اس عمل جفر کے اپنے ان قوانین کے تحت جواباً اس فقرے یا ٹکڑے کا مسلسل آگے وہ فقرہ یا حصہ اس استخراج سے پیدا ہو جائے گا۔

اگر قرآن کی کوئی ایک حرکت کا حرف یاد ہو تو اس سے اس کی آگے کے سلسلہ کی آیت ظاہر ہو سکتی ہے اس کے مکمل عمل سے سارا قرآن شریف از سر نو پھر سے برآمد ہو سکتا ہے مگر مشکل یہ ہے کہ صاحب مستحصلہ نے حروف مستحصلہ کے اصل راز کو ظاہر نہیں کیا اور حصول حروف مستحصلہ کے لئے جو کچھ بھی بیان کیا ہے وہ رموز کا پلندہ ہے جس کو اس جگہ من و عن میں تحریر کروں گا۔ یہ مستحصلہ اس رسالہ میں اس لئے لکھ رہا ہوں کہ شاید کوئی خدا کا بندہ اپنی ریاضت جدید اور مسلسل ریسرچ کی وجہ سے اسے حل کر کے مستفید ہو

آیت مقدسہ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤی اَھْلِھَا الخ یعنی امانتیں ان کے اہلوں تک پہنچا دو کو پیش نظر حصول ثواب کے لئے میرے پاس جو امانت تھی وہ مستحق اہل حضرات تک پہنچا کر خوش ہے جو حضرات اس کو حل کر لیں وہ مجھ فقیر کو نہ بھولیں اب چونکہ میں اصل مستحصلہ لکھ رہا ہوں اور جو میری سمجھ آیا وہ بھی ساتھ ساتھ تحریر کروں گا میری اس کاوش کو جو آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اس کے بدلے نیک دعاؤں کا متمنی ہوں۔

قانون مستحصلہ

۱۔ قرآن شریف کی کوئی آیت لیں اس کو بسط کے طور پر لکھ لیں اور اس کے ہر حرف کے نیچے ابجد قمری کے اس کے اعداد لکھ کر ان سب اعداد کا میزان کر لیں اس کا نام جمل کبیر ہے اس مجموعہ اعداد کے ابجد قمری بلحاظ مرتبہ حروف بنا لیں۔

۲۔ پھر ساری آیت شریفہ کے حروف بسوطہ گن کر ان کی حاصل اعداد کے بھی ابجد قمری سے بھی بلحاظ مرتبہ اکائی دہائی سیکڑہ کے حروف ازسر بنا لیں۔

۳۔ پھر اسی طرح اس آیت شریفہ کے حروف کے نقطے گن کر ان کے حروف بھی بدستور بنا لیں۔

۴۔ اب یہ عمل کریں کہ آیت کی جمل کبیر کے حروف کے آگے نمبر دوم کے حروف لکھیں۔ پھر ان کے آگے نمبر سوم کے حروف نقاط لکھ لیں۔

۵۔ اب سطر حاصلہ کے نیچے ہر حرف کے تحت ابجد ایقغ کے مفرد عدد لکھ دیں مفرد عدد ایک سے نو تک ہوتے ہیں پھر ان مفرد کا میزان کر کے ان کے بدستور بالا حروف بنا کر سطر نمبر ۴ کے مستخرجہ حروف کے آگے لکھ دیں بس یہ سطر حروف سطر اساس ہو گی۔ جو اس مستحصلہ کی اساسی بنیاد ہے۔

الف۔ نتیجے حروف اساس کی یہ سطر جو اس کے ہر حرف کے آگے میزان کا نمبر شمار لکھ دیں۔ یعنے اس

طرح ایک، دو، تین، چار وغیرہ علیٰ ہٰذہ جہاں تک سلسلہ چلے۔

ب۔ سطر دوم میں ان حروف کو ابجد قمری سے ہر حرف کا حرف اساس لکھ دیں۔

ج۔ تیسری سطر میں سطر نظیرہ کو صدر مؤخر کریں۔

د۔ چوتھی سطر میں ہر حرف صدر مؤخر کا حرف مستحصلہ لیا جائے گا جو ابجد ایقغ بکرجلش وغیرہ معہ نظائر سے حاصل ہوتا ہے جسے دائرہ النظاریہ بھی کہتے ہیں۔ اور صاحب مستحصلہ نے جو طریق حصول حرف مستحصلہ بیان کیا ہے وہ ان کے الفاظ میں اصل مثال کے بعد بیان کروں گا لیکن دائرہ النظاریہ حرف بتلائے گا لیکن حتمی حرف یہ نہ ہوگا یہی مشکل اس مستحصلہ میں درپیش ہے۔

ہ۔ پانچویں سطر میں ہر حرف مستحصلہ کو ابجد قمری سے نظیر دیا جائیگا۔

و۔ چھٹی سطر میں پانچویں سطر کو صدر مؤخر کر دیا جائے گا۔ جو جواب پر ناطق ہوگی۔ اب مثال پر غور فرمائیے مثلاً قرآن شریف سے یہ آیت لی۔

مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض

جمل کبیر سوال	تعداد حروف سوال	نقاط حروف سوال
۲۳۹۷	۱۹	۷

جمل کبیر کے حرف بنائے۔	تعداد حروف کے حرف بنائے۔	تعداد نقاط کے حرف بنائے
ز ص ش ب غ	ط ی	ز

کل حروف یہ ہوئے ز ص ش ب غ ط ی ز

عدد ۷ ۹ ۳ ۲ ۱ ۹ ۱ ۷ میزان ۳۹ ہے حروف ط ل = بنے ان کو ملفوظی کیا (ط ا ل ا م

عدد ۹ ۱ ۳ ۱ ۴ = ۱۸ احرف = ح ی ملفوظی = ح ا ی ا =

اب سطر اساس مرتب کی تو اس کی ترتیب یہ ہوئی۔

ز ص ش ب غ ط ی ز ط ا ل ا م ح ا ی ا = ۱۷ حرف ہوئے۔

ایک جدول ۱۷ خانہ کی عرضاً و ۱۷ خانہ کی طولاً بنا کر یہ حروف اس میں درج کئے گئے۔

جدول دوسرے صفحہ پر ہے

۳۲

شمار خانہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
اساس	ز	ص	ش	ب	غ	ط	ي	ز	ط	ا	ل	ا	م	ح	ا	ي	ا
نظیرہ	ش	د	ز	ع	ن	ث	خ	ش	ث	س	ض	س	ظ	ت	س	خ	س
صدر موخر	س	ش	خ	د	س	ز	ت	ع	ظ	ن	س	ث	ض	خ	س	ش	ث
مستحصلہ	ض	ق	س	ب	خ	ص	ب	خ	ظ	ض	ض	ش	ش	ض	غ	ه	ي
نظیرہ	ل	ه	ا	ع	ي	ا	ع	ي	م	ل	ل	ز	ز	ل	ن	ق	خ
اب یہ سمجھو کہ ہم شبکہ میں کیسے ضرب کر کے لکھیں گے عام فہم یہ ہے کہ اوپر کی ضرب معروف کتاب پر غور کرو پہلی ضرب کا میزان -۸۰۱۸- ہے اس کو شبکہ کے خانہ ع۱ میں اس طرح لکھیں گے (دیکھو شبکہ) دوسری ضرب کا میزان ۲۸۰۶۳- ہے اس کو شبکہ کے خانہ ع۱ میں اس طرح درج کیا اور تیسری سطر میں ضرب کا میزان ۲۸۰۶۳- ہے اس کو شبکہ کے خانہ ع۲ میں اس طرح درج کیا اور تیسری سطر میں ضرب کا میزان -۸۰۱۸ ہے اس کو شبکہ کے خانہ سوم میں اس طرح لکھا چوتھی سطر ضرب کا میزان (۱۲۰۲۷) ہے اس کو شبکہ کے خانہ چہارم میں اس طرح لکھا اور شبکہ مکمل ہو گیا یہ شبکہ کی خانہ پُری ہے جیسے کہ اس میں درج ہے۔

اب اس کے ضرب دینے کے طریقہ پر غور کرو یہ ضرب خانہ ع۱ کونوں کی جانب سے شروع ہو گی اور ہر خانہ کے کونے تک جائے گی دیکھو اور غور کرو۔ خانہ ع۱ کی نیچے کی تکون میں ۸ کا عدد ہے اس کو اس کے نیچے لکھا ع۲ پھر خانہ ع۱ کی اوپر کی تکون میں ایک کا عدد ہے اور خانہ ع۲ کی نچلی تکون میں -۳- کا عدد ہے۔ دونوں کو جمع کیا چار ہوئے یہ عدد پہلے عدد کے بائیں جانب لکھا ع۳ پھر خانہ ع۲ کی اوپر کی تکون میں -۶- کا عدد ہے۔ اور پھر خانہ ع۳ کی نچلی تکون میں آٹھ کا عدد ہے۔ دونوں کو جمع ۸+۶ ۱۴ ہوا اکائی کا ہندسہ چار کا ہے۔ پہلے چار کے بعد لکھا باقی ایک بچا ع۴ پھر شبکہ کے بائیں جانب خانہ ع۱ کی نچلی تکون میں -۸- کا ہندسہ ہے اور دائیں جانب خانہ ع۳ کی اوپر کی تکون میں ایک کا ہندسہ اور خانہ ع۴ کی نچلی تکون میں سات کا ہندسہ موجود ہے ان کو جمع کیا ۱۶ ہوئے (۱۶ = ۷ + ۱ + ۸) ایک پہلا بچا ہوا ملایا تو -۱۷- ہوئے۔ اکائی کے سات کا ہندسہ چار کے بعد لکھا ایک باقی رہا۔

ع۵ پھر شبکہ کی بائیں جانب خانہ ع۲ کے نچلے کونہ میں -۸- کا ہندسہ اور خانہ ع۴ دائیں کے اوپر کے کونہ دو کا ہندسہ شبکہ کے نیچے سات کے بعد درج کیا ایک باقی رہا۔

ع۶ اب شبکہ کے بائیں طرف خانہ ع۱ کے اوپر کے کونہ دو کا ہندسہ ہے اور خانہ ع۳ نچلے کونہ میں آٹھ کا

کا ہندسہ موجود ہے دونوں کو جمع کیا دس ہوگئے (۲+۸=۱۰+۱=۱۱) ایک سابقہ تھا یا ملایا گیارہ ہوگئے یہ ایک اکائی کا شبکہ کے نیچے ایک کے بعد لکھا باقی ایک رہا۔

۸۔ پھر شبکہ کے بائیں طرف کے خانہ میں ہیں، دو کا ہندسہ اس خانہ کے اوپر کے کونہ میں ایک کا ہندسہ ملایا (۲+۱=۳) یہ ایک کے بعد لکھا۔

۹۔ سابقہ تھا یا ایک دہائی کا رہ گیا تھا اس کے بعد لکھا تو مجموعہ اعداد شبکہ (۸ ۴ ۴ ۷ ۱۱ ۱۳) ہوا جو کہ صحیح ہے۔

نوٹ ضروری۔ یاد رہے کہ ذیل کی پچھلی تفصیلات کے مذکورہ ۸ میں دو نو عدد بائیں طرف کے ایک خانہ کی نچلی اور اوپر کی دونوں تکونوں کے لئے گئے ہیں۔ چونکہ یہ متوازی خانوں کے عدد نہیں ہیں علیحدہ علیحدہ تکونوں کے ہیں اس لئے یہ بارہ کا عدد ہوگا۔ ایک سابقہ بچی دہائی کی جگہ رکھا تو (۱۲+۱=۱۳) بنا اس تیرہ کے عدد کو سب اعداد کے بعد لکھا تو کل میزان = ۸ ۴ ۴ ۷ ۱۱ ۱۳ = آیا جو سابقہ میزان ضرب معروفہ کتابی کے مطابق ہے۔ جو ان دونوں میں ذرا بھی فرق نہیں ہے مگر شبکہ کے مضروب اعداد کے حروف آسانی سے اور جفر کی ترتیب سے بن جاتے ہیں اس قانون پر دماغ کو مرکوز کر کے خوب غور فرمائیے۔

ضرب کا دوسرا طریقہ۔ شبکہ کی ضرب کا ایک دوسرا سہل طریقہ یہ بھی ہے غور فرمائیے کہ آپ نے شبکہ کی پیشانی کے عددوں کو پہلو کے اعداد سے ضرب دینا ہے وہ اس طرح ہے شبکہ کے سولہ خانے ہیں جو اوپر سے نیچے پیشانی کے اعداد کے شمار ہوتے ہیں اور سطحی طور پر پہلو کے اعداد کے شمار ہوتے ہیں اور ہر خانہ اپنی تکون کے لحاظ سے دو منزل کا ہوتا ہے اب آپ نے = ۴۰۰۹ = کو = ۳۲۲۷ = سے ضرب دے کر مضروب اعداد ان خانوں میں لکھنا ہے اور یہ بھی یاد رہے کہ ہر خانے کی نچلی تکون اکائی اور اوپر کی تکون دہائی کی ہوتی ہے۔ اب ان ہدایات کی روشنی میں ضرب اس طرح دی جائے گی۔

(۳×۹=۲۷) آپ اس عدد کے اکائی کے سات اکائی کی تکون میں اور دہائی کے دو دہائی کی تکون میں لکھو

(۳×۰=۰۰) آپ ان دونوں صفروں کو (۲۷) کے بائیں طرف کی دونوں تکونوں میں لکھو۔

(۳×۰=۰) 〃 〃 کو دو صفر کے بعد کی دونوں 〃 〃 〃

(۳×۴=۱۲) آپ اس عدد کی اکائی کو شبکہ کے بائیں طرف کے چوتھے خانہ میں اکائی کی تکون میں دو کا عدد اور دہائی کی تکون میں ایک کا عدد لکھو۔ ایک سطر شبکہ کی پُر ہو جاوے گی۔

ملاحظہ۔ پچھلے طریقہ میں شبکہ کے خانوں کا شمار نیچے سے اوپر کو عموداً تھا اور اس طریقہ پر سطروں کی صورت میں دائیں سے بائیں ہوگا۔

اب آپ نے تین عدد سے پیشانی کے نو کے عدد کو ضرب دے کر شبکہ کی پہلی سطر کے خانوں کو پُر کر دیا اب پھر پہلو کے دو کے عدد سے پیشانی کے اعداد کو ضرب دینی ہے جو بدستور سابق دے کر دوسری سطر کو پُر کر دو پھر پہلو کی دہائی کے سات کے عدد پیشانی کے اعداد سے بدستور ضرب دو اور شبکہ کی تیسری سطر مکمل کر کے شبکہ کے اکائی کے عدد پیشانی کے اعداد ضرب دے کر شبکہ مکمل کر دو۔

پھر اُن کی میزان کو نون وار کر دو تو یہ میزان کتابی میزان کے مطابق ہو جاوے گی۔

شبکہ کی دوسری صورت: مذکورہ بالا شبکہ میں (۴۰۰۹) کے اعداد کو (۳۲۷۲) سے ضرب دی گئی تھی اب اگر (۳۲۷۲) کو (۴۰۰۹) سے ضرب دی جائے تو شبکہ کی کیا صورت و شکل ہوگی



بظاہر تو شبکہ کی خانوں میں اعداد کی صورت پہلے شبکہ سے مختلف ہوگی مگر نتیجہ ہر دو میزانوں کا ایک ہی ہوگا جس کی صورت یہ ہے۔ جس کی ضرب معرفہ کتابی یہ ہے۔

۳۲۷۲
۴۰۰۹
۲۹۴۴۸
۰۰۰۰
۰۰۰۰
۱۳۰۸۸
۱۳۱۱۷۴۴۸ اور یہی کچھ میزان شبکہ کے مطابقت رکھتی ہے

حروف شبکہ:- شبکہ کے مضروب اعداد سے حرف بنائے جانے کے چند قاعدے ہیں بخوف طوالت ان میں سے چھ قاعدے یہاں بیان کرتا ہوں آپ شبکہ اور اس کے شکمی اعداد پر غور کرو گے تو رمز آپ پیدا ہو جائیگا کہ اس کے اعداد سے حروف کیسے بنائے جا سکتے ہیں مثلاً شبکہ جو پہلے تحریر ہوا جس میں (۴۰۰۹) کو (۳۲۷۲) سے ضرب دی گئی ہے کے دائیں پہلو کے خانہ ۱ میں = ۸ = کا ہندسہ موجود ہے اس کا حرف ابجد قمری کی رو سے = ح = ہے پھر اس خانہ کے اوپر کے کونہ میں ایک کا ہندسہ ہے اس کا حرف الف ہوا پھر خانہ ۲ کے نچلے کونہ میں تین کا ہندسہ ہے اس کا حرف = ج = ہوا پھر اس خانہ کی اوپر کی تکون میں چھ کا ہندسہ ہے اس کا حرف = و = ہے پھر خانہ سوم کی نچلی تکون میں آٹھ کا ہندسہ ہے اس کا حرف = ح = ہوا پھر اس خانہ کی اوپر کی تکون میں ایک کا ہندسہ ہے اس کا حرف الف ہوا پھر

خانہ چہارم کی نچلی تکون میں سات کا ہندسہ ہے جس کا حرف = ز = ہوا پھر اس خانہ کی اوپر کی تکون میں دو کا ہندسہ ہے اس کا حرف = ب = ہوا۔

اب یہ پہلو ختم ہو گیا شبکہ کے درمیان کے دونوں خانوں کی چاروں تکونوں میں کوئی عدد نہیں ہیں لہٰذا حروف نہیں بن سکتے مگر شبکہ کے بائیں پہلو کے خانوں کی تکونوں میں اعداد موجود ہیں ان کے حروف بن سکیں گے لہٰذا یہ حروف بدستور سابق بنائے لہٰذا بائیں طرف کے خانہ علم کی نچلی تکون میں آٹھ کا عدد ہے اس کا حرف = ح = ہوا اور اس خانہ کی اوپر کی تکون میں کوئی عدد نہیں ہے اسے چھوڑ دیا پھر اس کے اوپر دوسرے خانہ کی نچلی تکون میں آٹھ کا عدد ہے اس کا حرف = ح = بنا پھر اس خانہ کی اوپر کی تکون میں دو کا عدد ہے اس کا حرف = ب = ہے پھر تیسرے خانہ کی نچلی تکون میں آٹھ کا عدد ہے اس کا حرف = ح = بنا اوپر کی تکون کا ایک عدد جس کا حرف الف ہوا۔ تمام خانے ختم ہو گئے اب ان حروف کو سلسلہ وار ایک جگہ لکھا حرف یہ ہوئے [خ ا ج ق ی ح ا ش ب ح خ ال ح ب ک ی] یہ چودہ حرف بنے۔

معلوم رہے کہ اس طرح شبکہ سے اکائی کے حروف بنیں گے دہائی اور سیکڑہ اور ہزار کے عدد نہیں بن سکتے اور یہ اس لئے کہ اعداد مفرد ایک سے نو تک ہیں جنہیں امہات الاعداد کہا جاتا ہے اور باقی اعداد دہائی سے ہزار تک ان ہی اعداد سے ترکیب پاکر مرکب ہو کر بنتے ہیں جنہیں متولدات الاعداد کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اصل میں اعداد ہی اکائی کے ہیں اسی لحاظ سے جفر میں اکائی کی ابجد ابجد ایقغ موجود ہے جس سے مستحصلہ کے حروف مستخرج ہوتے ہیں پھر اگر ان حروف کو ملفوظی کیا جائے تو اس طرح ہوں گے [ح اال ت ج ی م د ا ح اال ف ز ا ب ا ح ا ح ا ب ا ح ا ب اال ف] یہ تینتیس حرف ہیں انہیں دہائی سیکڑہ وغیرہ کے اعداد بھی آجانے کا امکان ان کی تلفیظ سے ہو سکتا ہے لیکن سیکڑہ اور ہزار کے حروف کا ایک اور طریقہ ہے جو جانتے ہیں وہ استخراج کر سکتے ہیں۔

لیکن اس امر کے لئے اس تھوڑے سے شاید پہ غور فرمائیے اکائی اور دہائی کے اعداد تو کسی خانہ میں ہوتے ہیں جیسے شبکہ کے پہلے خانہ ۱۸ اسکے عدد سے = ح ی اور دوسرے خانہ سے = ج ک ۲۰ اسی طرح چوتھے خانہ کے ۱۱ کے عدد سے۔ ی ا ک وغیرہ اسی طرح سارے شبکہ کے اعداد سے اکائی اور دہائی کے حروف پیدا کئے جا سکتے ہیں سیکڑہ ۱۰۰ کے حروف ۷۰۔۱۲ سے = ش ا ک ع غ وغیرہ علی ہذا القیاس ہر سطر سے حروف احاد و عشرات و مآت والوف پیدا کئے جا سکتے ہیں اور اگر شبکہ کے ہر خانہ میں اعداد موجود ہوں جیسا کہ آگے چل کر ایک شبکہ بیان کروں گا تو پہلے دو خانوں سے اعداد سے الوف تک حروف بن سکتے ہیں اور خانوں سے بھی اسی طرح قیاس فرما لیجئے۔

اور شبکہ کی حاصل ضرب سے بھی حروف بنائے جاتے ہیں جن کے دو قانون ہیں اول یہ کہ اکائی سے ہزار تک کے حروف بنائے جاتے ہیں دوم یہ کہ احاد سے مآت تک کے حروف بنائے جاتے ہیں جن کے دو
پھر تیسرے خانہ کی نچلی تکون میں آٹھ کا عدد ہے۔ اس کا عدد = ح = بنا۔ اس کی

قانون ہیں اوّل یہ کہ اکائی سے ہزار تک کے حرف بنائے جاتے ہیں دوم یہ کہ احاد سے آت نمک کے حرف
بنائے جاتے ہیں اور ہزار کے عدد کو اکائی تصور کر کے پھر آگے سیکڑہ تک کے حرف بنائے جاتے ہیں شبکہ کی اس
حاصل ضرب = ۸۴۴۷۱۱۳۱۰ کے اس طرح حرف بنے [ر م ت ش ی ق ج ی] اگر ہزار کا حرف بنانا
ہے تو اعداد میں ہزار کی جگہ سات کا عدد ہے یہ حرفی شکل میں سات = غ = نہیں گے جن کا نکالنا بے سود ہوگا لہٰذا
بجائے سات غینوں کے حرف = ش غ = لکھے جائیں گے اگر پھر ان کے اعداد بنانے ہوں تو سات حرف غین کے لکھے
جائیں گے وقس علیٰ ھذا

شبکہ کے خانے :- شبکہ کے خانے اپنے مختلف اعداد کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں اگر اعداد ضرب
ہونے والے یا ضرب دی جانے والے کے درجے جتنے مختلف ہوں اتنے شبکہ کے خانے بھی ان کے مطابق مختلف
ہوتے ہیں اگر پیشانی کے ضرب ہونے والے اعداد کے درجے زیادہ ہوں اور جن اعداد سے ضرب دی جانی مطلوب
ہے ان کے درجے برابر ہوں تو شبکہ کے خانے بھی ہر لحاظ اسی قدر بنانے ہوں گے اگر ضرب ہونے والے اعداد سے
وہ اعداد جن سے ان کو ضرب دی جاتی ہے یعنے پیشانی کے اعداد یا پہلو کے اعداد کے درجے کم ہوں جتنے درجے
پیشانی کے اعداد کے ہوں گے اتنے خانے عمودا ان کے بنائے جائیں گے اور جتنے اعداد پہلو کے ہوں گے اتنے خانے سطحاً
شبکہ کے بنائے جائیں گے مثلاً پیشانی کے اعداد = ۳۴۹۷ = ہیں پہلو کے اعداد ۳۷۷ ہیں تو معلوم ہوا کہ پہلو



کے اعداد پیشانی کے اعداد سے کم ہیں لہٰذا شبکہ
اس طرح بنایا جائے گا کہ صحیح طور پر اعداد شبکہ
میں مضروب ہو سکیں اس شبکہ کی شکل یہ
ہو گی . . . . -



اور اگر پیشانی کے عدد = ۳۷۷ = اور پہلو
کے عدد = ۳۴۹۷ = ہوں تو شبکہ کی
صوری شکل اس شکل سے مختلف ہو گی
یعنے اس شکل کو اعداد کی مختلف نوعیت
کے لحاظ بدل ڈالا جائے گا اور اس کی جو
شکل بنے گی وہ اس طرح ہو گی جو یہ ہے
یعنے جتنے پیشانی کے اعداد کے ہوں گے اتنے خانے اوپر نیچے اور جتنے پہلو کے اعداد ہوں گے اتنے
اتنے خانے سطحاً شبکہ کے بنائے جائیں گے اگر یہ خانے ان کی الٹی صورت میں بنائے گئے تو ضرب دی جا

تو حاصل ضرب غلط ہو جائے گی۔ مطلوبہ حروف صحیح نہ بن سکیں گے اس لئے اس بات کا ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ شبکہ کے خانے اپنے اعداد کے درجات کے مطابق ہونے ضروری ہیں مساوی الدرجہ اعداد کے خانے والے شبکہ جات اس سے قبل ازیں لکھ چکا ہوں۔

اب آپ کو یہ معلوم ہو گا کہ جس قدر شبکہ کی تفصیل میں نے کر دی ہے وہ آج تک کسی نے نہیں کی ہو گی ہر کتاب میں شبکہ پایا جاتا ہے یا اس کا اشارہ ہوتا ہے اور بس تاہم ایک اہم چیز جو اس سے رہ گئی ہے وہ یہ ہے جیسا کہ بیان ہوا کہ اگر اکائی دہائی سینکڑہ و ہزار کے درجوں میں فرق ہو تو ایسی صورت میں شبکہ کے خانے اور ضرب کیسی ہو گی خانوں کے متعلق اس کے اوپر بیان ہو چکا اب ایسی اضراب پر غور فرمایئے چونکہ شبکہ میں اعداد کے درجات برابر تھے لہٰذا شبکہ مربع بنایا گیا تھا اب اگر ایک یا دو درجے ایک طرف کے اعداد کم ہوں اور دوسرے زیادہ ہوں یعنے جن اعداد کو ضرب دینا ہے ان کے درجے زیادہ ہوں اور جن اعداد سے ضرب دینا ہے ان کے درجے کم ہوں تو اس صورت میں اعداد مضروب اور مضروب فیہ کے مراتب عددی میں فرق ہو گا ایسی حالت میں عرض میں تو خانوں کی تعداد مضروب کے مطابق ہو گی اور طول میں مضروب فیہ کے مطابق۔

مثلاً :- ۵۷۲ء کو ۱۲ء سے ضرب دینا ہے چونکہ سید غلام حسن جفار نے اپنی کتاب مفتاح الجفر میں شبکہ کے ضمن میں بڑے عدد کو شبکہ کے اوپر اور چھوٹے عدد کو شبکہ کے بائیں پہلو میں رکھ کر اس سے بڑے عدد کو ضرب دی ہے لہٰذا اس جگہ میں نے اس کے اتباع میں بڑے عدد کو شبکہ کے اوپر رکھ کر اور چھوٹے عدد کو شبکہ کے پہلو میں رکھ کر میزان دیتا ہوں جو یہ ہے۔



۵۷۲
۱۲

۱۱۴۴
۵۷۲

۶۸۶۴

اور اگر اس کا الٹ کیا جائے۔ یعنے ۱۲ء کے عدد کو ۵۷۲ء سے شبکہ میں ضرب دی جائے تو اس کی نظری صورت جو ہو گی وہ اس طرح ہو گی۔ اگر ہم ان اعداد کو شبکہ میں رکھ کر شبکہ کے خانوں کی کسی خاص ترمیم کر کے یعنے بڑے عدد ۵۷۲ء کے دو خانے بنانے اور چھوٹے عدد ۱۲ء کے تین خانے بنا کر ان اعداد کو ضرب کرتے جیسا کہ

۱۲
۵۷۲

۲۴
۸۴
۶۰

۶۸۶۴

۲ع



۳ع



اس شکل ۲ میں ہم نے دکھایا ہے بڑے عدد کو پیشانی پر [illegible] چھوٹے عدد کو [illegible] جگہ دے کر ضرب کرتے تو ان کی میزان یعنی حاصل ضرب کتابی معروف ضرب کے مطابق [illegible] لیکن جس وقت ہم نے چھوٹے عدد کو شکل ۳ میں لکھا اور ان کے [illegible] مطابق خانے بنائے اور اعداد کو مطابق شکل ۳ ضرب دی تو یہ حاصل ضرب معروفہ کتابی ضرب کے مطابق درست آگئی۔

آپ پہلے ان اعداد کو جن کو ضرب دی جاتی ہے کسی عدد [illegible] نام معروف کتابی صورت میں ضرب دو اور پھر ان اعداد کو حسب قانون شبکہ کے شکل میں درج کرو تو یہ صورت درست اور صحیح ہو جائے گی۔ شبکہ کی ضرب سے یہ سہولت ہے کہ ہم ہر خانہ کے اعداد حاصل کر کے یہ استخراج و آثار کے لئے [illegible] کر لیتے ہیں اور ہم کو اپنے کام میں سہولت میسر ہو جاتی ہے۔ اور اس صورت میں ہم اپنا کام با حسن طریق سے سرانجام دینے کے قابل ہو جاتے ہیں

وھوالھذا



شبکہ کا ایک ایسا بھی طریقہ ہے کہ جس میں شبکہ کا کوئی خانہ خالی نہیں رہتا [illegible] سب خانوں میں عدد ہوتے ہیں۔ [illegible] اگر خانہ خالی رہ جائے تو وہ [illegible] شبکہ پر غور کرو کہ ۲۵۵۳ [illegible] ۹۷۱ [illegible] سے ضرب دینی ہے شبکہ [illegible]۔ [illegible] چھوٹے عدد ۹۷۱ کو بڑے عدد ۲۵۵۳ [illegible] ضرب دینی ہے تو اس کی صورت [illegible] شبکہ کے بعد عرض ہوگی [illegible] شبکہ [illegible] غور کرو جو یہ ہے ۔



ا:

۲۵۵۳
×۹۷۱
۲۵۵۳
۱۷۸۷۱
۲۲۹۷۷
۲۴۷۸۹۶۳

ط:

۹۷۱
۲۵۵۳
۲۹۱۳
۴۸۵۵
۴۸۵۵
۱۹۴۲
۲۴۷۸۹۶۳

[illegible] بنائے اور چھوٹے عدد کو ہم نے [illegible] لکھا۔

اس آخری شبکہ پر غور کرو کہ چھوٹا عدد پیشانی پر ہے اور بڑا عدد شبکہ کے پہلو میں ہے اس کا حاصل ضرب وہی ہے جو کتابی معروف کی ضرب کا ہے ہاں یہ فرق ضرور ہو گیا کہ اس میں سارے ہندسوں کے اجتماع ہو گئے ہیں اب ہر حصہ کے بنتے تو یہ ہوتے اس شبکہ کے بارہ خانوں سے چوبیس خانے بنائے گئے ہیں ان میں ۲۴ حروف بننے چاہیئے تھے مگر آخری خانے کے خانہ دوم میں کوئی عدد نہیں آیا ہے اس لئے کل ۲۰ حروف رہ گئے ہیں جو یہ ہیں ۔ ج ھ ھ ب ا ب ھ ج ھ ج د ا ۸ ب ھ د ھ د ح ا ۔ اگر حاصل ضرب کے بھی حروف بنانے ہوں تو یہ ہوں گے ج س ظ ۔ ح م ت ۔ ب ۔ اگر ہزار کا حرف بھی بنانا ہو تو یہ حروف ہوں گے ۔ ج س ظ غ غ غ غ غ غ غ غ ۔ ش م س ۔ اگر ان سے اکائی کے حروف بنانے ہوں تو یہ حروف ہوں گے ۔ ج د ط ح ش د ب ۔ وغیرہ علیٰ ہذا القیاس اسی طرح چند اقسام کے حروف مستخرج کئے جاتے ہیں ۔ اب اگر ان حروف کو یوں ہی رکھنا مطلوب ہو تو رہنے دو اگر منحوس ہو تو ملفوظی کرو جیسے کہ ہدایت ہو اسی طرح عمل کرو خدا آپ کو کامیاب کرے ۔

بہر حال شبکہ کی ہر سطر ضرب کی سطروں سے بڑا بھاری ہے کیا بلکہ وہ ضرب عام معروف کتابی سے آسان تر ہے اور شبکہ کی ضرب ذرا پیچیدہ تو ہے ۔ اگر ہم حرف بنانا چاہیں تو ضرب عام سے بنا سکتے ہیں مگر اس طرح عام اصحاب کے واسطے ذرا پیچیدگی پیدا ہو جائے گی اور حروف بنانے کے لئے شبکہ میں آسانی رہے گی علماء جفر نے صرف حروف بنانے میں آسانی کے مدنظر شبکہ کو ایجاد فرمایا ہے اور شبکہ علاوہ جفر کے آثاری حصہ کے اس کے خاص باب مستحصلہ میں بھی کام آتا ہے اور اس سے کسی سائل کے سوال کا جواب بھی احسن حاصل ہوتا ہے اور علم آثار میں بھی شبکہ ایک خاص اثر رکھتا ہے اس سے جو طلسم بالکل تیار کیا جاتا ہے وہ بہت جلد اپنا خاص اثر دکھاتا ہے لیکن جن حضرات نے اپنی کتب میں شبکہ کا ذکر کیا ہے اس کو ایسا مغلق بیان کیا ہے کہ اس کا سمجھنا عام حضرات کے لئے آسان نہیں ہے ۔ کیونکہ کسی نے بھی اس کی وضاحت نہیں کی کہ با آسانی سمجھ میں آ سکے میں نے اس کتاب میں جس وضاحت کے ساتھ اسے بیان کیا ہے اس طرح اس کی تفصیل کسی نے بیان نہیں کی ۔

جب اعداد کم بیش ہوں یا اعداد کے ایک دوسرے سے درجے کم و بیش ہوں تو اس صورت میں کیا ہو گا اور شبکہ کی تشریح سے حاصل ضرب کیسے صحیح ہو گی یہ ایک

بات رہ گئی ہے جو یہاں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ معلوم ہے کہ اگرچہ ریاضی دان حضرات اور ماہرین افراد اور صاحب فہم اشخاص کے نزدیک کوئی بڑی بات نہیں ہے بلکہ بالکل معمولی بات ہے مگر ناواقف اور مبتدی حضرات تو اس بادیہ میں ضرور الجھ جاویں گے میرا مقصد یہ ہے کہ جہاں اہل علم حضرات اس سے فائدہ یاب ہوں وہاں عام حضرات بھی پوری طرح اس سے مستفید ہو سکیں۔ چونکہ اس بات کو اس سے پہلے کسی قدر بیان کر چکا ہوں اب تفصیلاً یہاں لکھنے کا ارادہ ہو گیا ہے اگر چھوٹا عدد شبکہ کی پیشانی پر لکھیں اور بڑا عدد شبکہ پہلو میں لکھیں تو اس صورت میں وہاں تقسیم میں فرق نہ آئے گا اگر بڑا عدد پیشانی پر رکھیں اور چھوٹا عدد شبکہ کے پہلو میں ہو تو یہاں اس صورت میں وہ میزان نہیں آتی فرض کرو کہ ریاضی کے کسی قاعدہ کے تحت میزان آ بھی جائے تو پھر یہ مشکل ہوگی کہ بڑے عدد کو شبکہ کی پیشانی اور چھوٹے عدد کو اس کے پہلو پر رکھنے سے کسی قاعدہ کی ضرورت ہی نہیں میزان صاف برآمد ہوتی ہے اور یہاں چھوٹا عدد پیشانی پر رکھنے سے اصلی میزان میں پیچیدگی اور الجھن پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے خاص طور پر یہ عرض کروں گا کہ پہلے آپ دو اعداد کو ضرب معروفہ کتابی دے دیا کریں جب حاصل ضرب صاف نکل آیا کرے تو پھر ان اعداد کو شبکہ میں ضرب دیا کہ اس سے آپ کو معلوم ہو جایا کرے گا کہ آپ نے کونسا عدد شبکہ کی پیشانی پر رکھنا ہے اور کونسا عدد اس کے پہلو میں۔ اس کتاب کے اس باب میں میں نے شبکہ کی مثالوں میں ہر جگہ اس بات کو نمایاں لکھا ہے۔ لیکن صاحب علم و فہم کے لئے یہ کوئی مشکل نہیں ہے۔ عدد شبکہ کی ضرب میں صرف اس قدر ضرورت ہے کہ آپ ہر خانے کے اعداد حاصل کر کے نمبر وار [illegible] میں ان سے کام لے سکتے ہیں۔ مستحصلہ صرف ان حاصل شدہ حروف کا نام ہے کہ جن کو ہم کسی سوال کے جواب کے لئے کسی خاص قاعدہ قانون کے تحت حاصل کرتے ہیں اگر آپ کے اعداد مستخرجہ صحیح ہوں گے تو جواب اس صورت میں صحیح اور صاف برآمد ہوگا اگر ہم سے کہیں غلطی سرزد ہو گئی تو جواب صحیح نہ ہوگا۔

جیسا کہ کہا گیا ہے کہ شبکہ کو علماء جفر نے اس کے حصہ اخبار و آثار میں مؤثر تسلیم کیا ہے اور اعداد کی صورت درجاتی و نظری مختلف ہوا کرتی ہے اعداد کی حیثیت مختلف نوعیت کی ہوتی ہے جو من حیث التعداد ایک سے لاکھوں، اربوں تک سے بعض اوقات زیادہ ہوتی ہے تو اس صورت میں شبکہ کے خانے اعداد کے درجاتی لحاظ سے کم و بیش کرنے پڑتے ہیں۔ یعنی جس قدر پیشانی کے اعداد کے درجے ہوں گے، اس قدر عموداً شبکہ کے خانے بنانے پڑیں گے اور جس قدر پہلو کے اعداد کے درجے ہوں گے اسی قدر شبکہ کے خانے دائیں بائیں سطحاً بنانے ہوں گے اور ان میں اعداد کو صحیح صورت میں ضرب دے کر درج کرنا ہوگا۔ تب حاصل ضرب صحیح ہو کر ضرب مشروحہ بالا کے مطابق

ہو ... اعداد سے صحیح حروف بن سکیں گے۔ اس صورت میں ہر عمل صحیح اور موثر ہوگا۔ اس جگہ اعداد کو ... حیثیت کی زیادتی کے پیش نظر ایک مثال عرض کرنا چاہتا ہوں کہ از دیاد معلومات کا باعث بن جائے اور کوئی بات پوشیدہ نہ رہے ذہن میں رکھیئے کہ آپ نے [۱۲۹۷۶] کو [۳۶۱۵] سے ضرب دے کر شبکہ میں حل کرنا ہے تو اس کی ضرب معروفہ کتابی یہ ہوگی اور شبکہ میں ان اعداد کا حل اس طرح ہوگا۔



۱۲۹۷۶
۳۶۱۵
۶۴۸۸۰
۱۲۹۷۶
۷۷۸۵۶
۳۸۹۲۸۰
۴۶۹۰۸۲۴۰

اور اگر ۳۶۱۵ کو ۱۲۹۷۶ سے ضرب کرنا پڑے تو شبکہ میں اس کا حل و ضرب معروفہ کتابی اس طرح ہوگی



۳۶۱۵
۱۲۹۷۶
۲۱۶۹۰
۲۵۳۰۵
۳۲۵۳۵
۷۲۳۰
۳۶۱۵
۴۶۹۰۸۲۴۰

شبکہ میں ضرب کا کتابی طریقہ:-

میں اس کتاب میں آپ کے اذہان کے مطابق اس طریق کو حل کر رہا ہوں

آپ اس کو خوب غور فرمائیں اس سے پہلے شبکہ میں ضرب کتابی معروفہ کے مطابق اعداد کا اندراج نہیں ہے۔ آپ جن اعداد کو چاہیں کسی اعداد سے ضرب معروفہ دے لیں پھر اس کو اس طریق سے شبکہ میں درج کریں اور حاصل ضرب کی میزان کو ضرب کتابی سے مطابق کر لیں میں یہاں بڑے اعداد کو درجات کے مطابق ضرب دے کر ایک شبکہ پُر کر دکھاتا ہوں امید کہ آپ کے ذہن میں آجائے گا۔ مثلاً

عدد = ۳۲ ۹ ۴۱۵ = کو = ۱۶ ۲۱۱۳ = سے ضرب دے کر مثال سمجھاتا ہوں =

۴۱۷۹۳۲
ضرب کتابی × ۲۱ ۱۳ ۱۶ ۔

سطر ۳ = ۲۵۰۷۵۹۲
" ۴ = ۷۹۳۲ :
" ۵ = ۱۲۵۳۷۹۶
" ۶ = ۴۱۷۹۳۲
" ۷ = ۴۱۷۹۳۲
" ۸ = ۸۳۵۸۶۴

۸۸۳۱۵۷۱۸۵۱۲

اب ایک نقش مسدس یعنے چھ چھ خانے طولاً چھ چھ خانے عرضاً بنائیں بطریق شبکہ ہر ایک خانہ میں ایک ایک لکیر کھینچ کر ہر ایک خانے کے دو دو خانے تکونے بنالیں اب اُن میں ضرب معرفہ کتاب کی پہلے اور اور دوسرے اعداد کی لکیر کے نیچے کے اعداد جو تیسری سطر میں ہیں شبکہ کے نچلے خانوں میں ایک ایک اکائی کی جگہ ہر خانہ میں درج کرتے جاویں یہ اندراج دائیں سے بائیں ہوگا (یاد رہے شبکہ کے ہر خانہ کی لکیر کی وجہ سے دو تکونیں بن جاتی ہیں۔ نچلی تکون اکائی کی اور اوپر کی تکون دہائی کی ہوتی ہے) اور آخری خانہ میں دہائی کا عدد اگر بچ جاوے تو اس کی اوپر کی تکون میں درج کردو یعنے شبکہ کے نچلے خانوں کی سطر سے یہ عمل کرو اس کے بعد سطر ۴ کا عمل اسی طرح جو خانے آپ نے پُر کئے ہیں اُن کے اوپر کے خانوں میں کرو پھر پانچویں سطر کا عمل اُس کے اوپر کے خانوں میں کرو پھر یہی عمل چھٹی کا اس کے اوپر اور ساتویں سطر اس کے اوپر اور آٹھویں سطر کا اس کے اوپر کر کے عمل اندراج اعداد تمام شبکہ پُر ہو جائیگا یعنی اس صورت میں نیچے کے اعداد مضروبہ اور اوپر کے نیچے ہو جاویں اب شبکہ کی حاصل ضرب کی میزان وہ یہ میزان عمل کتابی بالا کے مطابق ہوگا شبکہ یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔



دیکھو یہ میزان ضرب معرفہ کتابی بالا کے مطابق درست ہے

یہ شبکہ پہلے شبکہ کا الٹ ہے اس میں چھوٹے عدد = ۲۱ ۱۳ ۱۶ = کو بڑے عدد ۴۱۷۹۳۲ = سے ضرب کیا گیا ہے اُس کی ضرب کتابی یہ ہے ۔



۲۱۱۳۱۶
۴۱۷۹۳۲

۴۲۲۶۳۲
۶۳۱۶۴۸
۱۹۰۱۸۴۴
۱۴۷۹۲۱۲
۲۱۱۳۱۶
۸۴۵۲۶۴

۸۸۳۱۵۷۱۸۵۱۲
میزان حاصل ضرب =

ایک اور طریقہ:- معلوم رہے کہ شبکہ پُر کرنے کے مختلف طریقے ہیں ذیل کا طریقہ نہایت سہل ہے مگر ان دونوں طریقوں سے ان ہی مضروب و مضروب فیہ اعداد کے حروف مختلف مستخرج ہوتے اور کم و بیش بھی ہوتے ہیں۔ علماء جفر کے آگے یہ راز مخفی نہیں ہے کہ ان حروف کے اثرات کیا اور کیسے ہو سکتے ہیں بہر حال جو کچھ بھی ہو یہ ایک قدرتی راز ہیں یوں ہی ان کو بیان کر دینا گناہ بھی ہوتا ہے اور اس سر مکنون سے پردہ اٹھانا کسی کی طاقت سے باہر بھی ہے جس کے شامل حال خدا کا فضل ہوتا ہے یہ راز اس کو القا ہو جاتا ہے ورنہ محض سر کھپانے سے کچھ بھی نہیں ہوتا برسوں کی محنت اور ریاضت شاقہ سے یہ علم حاصل ہوتا ہے ایک دو دنوں کا کھیل نہیں ہے میرا خیال ہے کہ اس طریقہ کے بیان کرنے کے بعد اس مضمون کو یہاں ختم کر دوں اور [illegible] بعد یہ شبکہ [illegible] مستقبل کے طریقے درج کر کے آپ سے دعا کا طالب (ہوں) کہ ارحم الراحمین [illegible] بحرمت ائمۃ المعصومین علیہم السلام رحم فرمائے آمین بحرمت اصحاب المعصومین اور اس کتاب کی تیسری عملی جلد میں علم جفر کے حصہ آثار پر کچھ مفصل تحریر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ طریقہ جو میں بیان کرنے لگا ہوں یہ ہے کہ اعداد مضروب و مضروب فیہ کو اور شبکہ میں ہی ضرب کیا جاتا ہے مگر بہتر یہ ہے کہ ضرب ہونے والے اور جن سے ضرب دی جاتی ہے کے اعداد کو پہلے کتابی معروفہ ضرب سے ضرب دے کر شبکہ کی ضرب کی میزان سے تطابق کر لیجئے کیونکہ تسلی کسی امر میں بہر صورت بہتر ہوتی ہے ورنہ اگر کوئی غلطی واقع ہو گئی تو یہ سارا بنا بنایا کھیل درہم برہم ہونے کی ھو المستعان الفقیر [illegible]

جیسا کہ بیان ہوا مضروب عدد کے مطابق ایک شکل شبکہ کی بنا کر اس کی پیشانی پر جن اعداد کو ضرب دینا ہے خانوں کے محاذ پر لکھ دو اور جن اعداد سے ضرب کرنا ہے اُن کو شبکہ کے پہلو میں سطحی یعنی عرضی خانوں کے محاذ پر لکھو اب ان کو ضرب دو مثلاً = ۴۱۷۹۳۲ - کو ۲۱۱۳۱۶ سے ضرب دینا مطلوب ہے تو شبکہ کی پیشانی کا آخری عدد - ۴ - ہے اور شبکہ کے پہلو کا اوپر والا عدد ۲ ہے لہٰذا دو کو چار سے ضرب دی ۲×۴ = ۸ = یہ آٹھ کا ہندسہ چونکہ اکائی کا ہے شبکہ کی سطر اول آخری خانہ کی اکائی کی جگہ نچلی تکون میں درج کر دو - ۸ - پھر شبکہ کے پیشانی کے آخری چار کے ہندسہ سے پہلے ایک کا ہندسہ ہے اس ہندسہ پہلو کے اسی دو کے ہندسہ سے ضرب کرو ۲×۱ = ۲ یہ دو کا ہندسہ جہاں پہلے آٹھ کا ہندسہ لکھا ہے اس سے پہلے ساتھ والے خانہ کی اکائی کی جگہ نچلی تکون میں لکھو - ۲ - پھر پیشانی کے عدد سات کو اسی دو کے عدد سے ضرب دو = ۷×۲ = ۱۴ یہ ہندسہ اکائی اور دہائی پر مشتمل ہے اس کی اکائی کو سات کے عدد کے نیچے نچلی تکون میں لکھو اور دہائی کے عدد کو اس کی اوپر پاسی خانہ کی تکون میں درج کر دو - ۱ - پھر اس کے بعد پیشانی کے عدد - ۹ - کو اسی دو کے عدد سے ضرب دو = ۹×۲ = ۱۸ اس - ۱۸ - کے عدد کی اکائی کو - ۹ - کے عدد کے نیچے کے خانہ میں اکائی کی جگہ دہائی لکھ دو - ۵ - پھر اس کے بعد پیشانی کے عدد کے تین کو اسی دو کے عدد سے ضرب دو = ۳×۲ = ۶ اس ہندسہ کے ساتھ دہائی کا ہندسہ نہیں ہے لہٰذا اکائی کے ہندسہ کو تین کے ہندسہ کے نچلے خانہ میں اکائی کی جگہ لکھو - ۶ - شبکہ کی پیشانی کا آخری ہندسہ دو کا ہے اس دو کو اسی دو کے عدد سے ضرب دو (۲×۲ = ۴) یہ چار کا ہندسہ بطور اکائی دو کے ہندسہ کے نچلے خانہ میں اکائی کی جگہ درج کر دو - اب شبکہ کی پہلی سطر کے ضروری خانے پُر ہو گئے اور پیشانی کے اعداد بھی ختم ہو گئے ہیں اب شبکہ کی دوسری سطر کے خانوں کے لئے پیشانی کے اعداد کا بطریق بائیں سے دائیں پھر دور چلے گا اور دو کے عدد کے بعد ایک کے نچلے عدد کو اوپر کے ہر عدد سے ضرب دی جا کر شبکہ کی دوسری سطر پر کی جاوے گی باقی نچلی سطروں پر بھی قیاس عمل کرو یاد رہے کہ اعداد دو قسم کے ہیں ایک وہ جن کو ضرب دی جاتی ہے وہ شبکہ کی پیشانی پر ہوتے ہیں اور دوسری قسم کے وہ اعداد ہیں جن سے پیشانی کے اعداد کو ضرب کیا جاتا ہے وہ شبکہ کے پہلو میں ہوتے ہیں چونکہ پہلو والے اعداد میں سے اوپر کے عدد دو لاکھ والے کو پیشانی کے اعداد سے ضرب دے کر شبکہ کی سطر پر کر دی گئی ہے لہٰذا دو کی ضرب کا عمل ختم ہو گیا اب سب پہلو والے دو عدد کے نیچے ایک کا عدد ہے اب پیشانی کے اعداد کی اس

ایک کے عدد سے ضرب دی جائے گی اور اعداد حاصل ضرب پیشانی کے ہر عدد کے محاذ میں دوسری سطر میں لکھے جائیں۔ یہ قانون یاد رکھو کہ ہر جگہ ہر خانے میں اگر حاصل ضرب کا ئی ہوں تو اکائی کی جگہ اگر دہائی ساتھ ہوگی تو اکائی اکائی کی تکون میں اور دہائی دہائی کی تکون میں درج کر دیں کی پیشانی کے اعداد کی ضرب یہ ہوگی۔ ۱+۴=۴ ،۴=۱×۱۴ ،۱=۱×۱۱ ،۷=۱×۲۸ ،۶×۲۲=۳×۲= ۳ ،۲=۱×۲ = ان حاصل ضربوں شبکہ کی دوسری سطر پیشانی کے حروف کے محاذ میں درج کرد۔ اسی طرح سب اعداد کو ایک دوسرے سے ضرب دے کر اعداد ختم کر کے شبکہ مکمل کر کے میزان دے لو جو ضرب معروفہ کتابی کے مطابق ہوگی ذیل میں دو شبکہ معہ اضراب کتابی بطور نمونہ درج کرتا ہوں اور ان کے ساتھ کتابی ضرب بھی لکھتا ہوں یہاں پہ اس شبکہ کا اُن میں ایک دوسرے کا الٹ بھی ہوگا گو کتابی ضربیں پہلے لکھ آیا ہوں مگر معلومات کے لئے پھر انہیں درج کرتا ہوں۔

```
 ۴۱۷۹۳۲
×۲۱۱۳۱۶
──────────
     ۲۵۰۷۵۹۲
    ۴۱۷۹۳۲
   ۱۲۵۳۷۹۶
  ۴۱۷۹۳۲
 ۴۱۷۹۳۲
۸۳۵۸۶۴
──────────
۸۸۲۱۵۷۱۸۵۱۲
```

```
 ۲۱۱۳۱۶
×۴۱۷۹۳۲
──────────
      ۴۲۲۶۳۲
     ۶۳۳۹۴۸
   ۱۹۰۱۸۴۴
  ۱۴۷۹۲۱۲
 ۲۱۱۳۱۶
۸۴۵۲۶۴
──────────
۸۸۳۱۵۷۱۸۵۱۲
```

شبکہ ↓



شبکہ ↓



ملاحظہ :- یاد رہے کہ اس طرح کا عمل ہمیشہ بائیں سے دائیں ہونا چاہئے ورنہ عمل غلط ہو جائے گا

شبکہ اور مستحصلہ۔ معلوم رہے کہ جیسا کہ بتلایا جا چکا ہے کہ شبکہ اور مستحصلہ کا آپس میں ایک خاص تعلق ہے یہاں علم اخبار الجفر کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ شبکہ کو جفر کے آثاری حصہ سے جو تعلق ہے اس کو اس کتاب کے دوسرے حصہ آثار الجفر حصہ سوم رحیم الجفر ہیں۔ نہایت وضاحت سے بیان کردوں گا مستحصلہ کا حصول ایک خداداد قوت سے ہوتا ہے اور نہ مجھے یارائے دم زدن ہے علم کی وسعت کے لحاظ سے میں ابھی مبتدی ہوں علماء جفر کے آگے زانوئے تلمذ تہ کرنے کی ابھی خواہش موجود ہے آج کل کے بعض نادیدہ جفار حضرات کی طرح "ہم چو ما دیگرے نیست" کی رٹ لگانا گناہ عظیم سمجھتا ہوں میں نے اس علم کو علم کی حیثیت سے دیکھا ہے اس سے جلب زر مطلقاً مطلوب نہیں ہے اور نہ عوام کو کسی دھوکے میں ڈالنے کے لئے بکثرت اشتہارات کے ذریعہ مشتہری کا خواہش مند ہوں جو کچھ ہوں بھی ہوں خلق خدا کی صحیح طور بلا وقت فرصت خدمت کرنا چاہتا ہوں جس کا صلہ مجھے جناب احدیت سے ملے گا اور بس۔

یہاں پر شبکہ سے مستحصلہ کے استخراج کے لئے ایک طریقہ متقدمین سے صاحب مفتاح الجفر کا اور ایک طریقہ متاخرین میں سے محترم المقام محمود علی شفق باہم پوری کا درج کرتا ہوں صاحب مفتاح الجفر کا طریقہ ابھی میری پوری سمجھ میں نہیں آیا جو مقامات اس کے حل کر چکا ہوں وہ بلا کم و کاست عرض کردوں گا جس بات کی مجھے سمجھ نہیں آئی اس کے سمجھانے سے معذور ہوں۔

محترم المقام مولوی محمود علی صاحب شفق باہم پوری نے از راہ عنایت ایک طریقہ مجھے ہندوستان کے زمانہ میں مرحمت فرمایا تھا جس وقت کہ موصوف رسالہ روحانی دنیا کے لاہور میں اڈیٹر تھے وہ طریقہ مجھے نہایت محبوب ہے اس لئے موصوف القدر کی شرافت نسبی کے مدنظر معذرت کے ساتھ درج کرتے ہوئے متدعی ہوں کہ موصوف مجھے اپنی شرافت نسبی و خاندانی کے بلحاظ معاف فرمادیں گے۔

۱۔ سائل کے سوال کو مفرد کر کے اس کا جمل کبیر لے کر علیحدہ رکھو۔

۲۔ آفتاب حمل برج کے جتنویں درجہ میں ہو اور جو درجہ طے کر چکا ہو وہ کامل درجہ لو اور جو طے کر رہا ہو وہ ناقص ہے تم کامل درجہ لو۔

نمبر ۳۔ جس برج میں آفتاب تھا اس برج کا نمبر لو (یہ نمبر حمل سے حوت تک ۱۲ برجوں کے

پس [illegible] ہو اس کا نمبر لینا ہے)

نمبر ۴ ستارہ قمر جس برج کا جو درجہ طے کر چکا ہے وہ کامل ہے وہ لو جو طے کر رہا ہے وہ ناقص درجہ ہے اسے چھوڑ دو۔

نمبر ۵ قمر جس برج میں ہو اس حساب سے اس کا نمبر لو۔

نمبر ۶ اس روز انگریزی مہینہ کی جو تاریخ تھی وہ لو۔

نمبر ۷ جو ان یہ انگریزی مہینہ تھا اس کا نمبر لو۔

نمبر ۸ جس سال عیسوی میں آپ عمل کر رہے ہیں اس کے اعداد لکھو۔

نمبر ۹ اور جو اس روز دن ہو اس کے جمل کبیر بحساب ابجد قمری لکھو۔

نمبر ۱۰ اور طالع وقت جو ستارہ ہو اس کے جمل کبیر لکھو۔

نمبر ۱۱ سائل کے نام کے عدد لو۔

نمبر ۱۲ ان سب اعداد کو ماسوائے اعداد سوال جمع کرو۔

نمبر ۱۳ اب جو میزان آئی ہے اس کو شبکہ میں اس کے پہلو پر رکھو اور سوال کی میزان کو پیشانی پر رکھ کر شبکہ میں ضرب کرو چھوٹا عدد پیشانی پر ہے اور بڑا عدد شبکہ کے پہلو میں رہے۔

نمبر ۱۴ جب شبکہ کی میزان صحیح حاصل ہو جائے اس کے قاعدہ کے مطابق شبکہ کے خانوں کے اعداد کے حروف بناؤ۔

نمبر ۱۵ پھر ان حروف کو خالص کرو کہ مکرر نہ رہے۔

نمبر ۱۶ یہ خالص حروف مستحصلہ صغیر ہیں۔ ان کو علیحدہ لکھو۔

نمبر ۱۷ پھر ان خالص حروف کو ابجد قمری سے نظیرہ دو کہ یہ حروف حروف نظیرہ سے تبدیل ہو جائیں

(ان حروف کو بھی بعض حضرات مستحصلہ صغیر کہتے ہیں)

نمبر ۱۸ اب ان حروف نظیرہ کو ابجد قمری پر طرح دو یعنی جو حرف ہو اور وہ جہاں ابجد قمری میں موجود ہو اس سے آگے بطور ترفع چوتھا حرف لو اور اسی طرح سب حروف کے حرف بدل لو۔

نمبر ۱۹ اب جو آپ نے حروف جدید پیدا کیے ہیں ان کے اعداد ابجد قمری سے علیحدہ علیحدہ لو۔

نمبر ۲۰ اور ان اعداد کے نقاط دور کر کے جو عدد باقی رہے اس کی نفی نصف ضرب دے کر اس کے حروف پیدا کرو۔

۲۱ - اب جو حروف پیدا ہو جائیں ان کو حروف مسادات و ترفع یا تنزل و ترقی سے تبدیل کرو جواب صاف برآمد ہوگا۔

۲۲ مستحصلہ اور جواب ان حروف میں پوشیدہ ہے اگر آپ نے کوشش کی تو وہ وقت دور نہیں ہے کہ مستحصلہ آپ کے ہاتھ اور قبضہ میں نہ آجاوے۔

ایک بات پر پھر غور کرو کہ بعض اوقات شاذ و نادر ان حروف مستحصلہ سے جواب گویا نہیں ہوتا تو سب سے پہلے آپ اپنے عمل پر دوبارہ غور کریں کہ شاید آپ نے کہیں غلطی کی ہو اگر آپ کی غلطی ہو تو اُسے درست کریں ورنہ ایسی حالت میں ابجد عربی عددی (جو کہ اس کتاب کے عنوان مبسوطات الجفر کے ۲ پر درج ہے) سے ان حروف کے حرف بنا کر ان کو خالص کرو (مستحصلہ صغیر ۱ کے حروف کو ابجد عربی کے حروف کی قیمت لفظی میں تبدیل کر کے ان حروف کا خلاصہ کرنا ہے) اور پھر خلاصہ حروف نظیرہ ابجد قمری سے دیگر باقی عمل کرو بفضلِ خدا جواب ضرور بالضرور برآمد ہوگا ورنہ اُسے اپنی قسمت کا پھیر سمجھو۔

مثلاً ۸ ۔ ایک شخص محمد علی نے سوال کیا کہ "میں امتحان میں پاس ہوں گا" سوال کا جمل کبیر = ۹۷۱ ہے اسے علیحدہ رکھا۔ اس وقت آفتاب برج اسد میں = ۲۲ = درجے طے کر چکا تھا اور برج اسد کا پانچواں نمبر ہے۔ قمر برج میزان کے = ۱۱ = درجے طے کر چکا تھا برج میزان کا نمبر ساتواں ہے انگریزی ماہ اگست کی ۲۴ تاریخ تھی اور اگست آٹھواں مہینہ ہے۔ ۱۹۶۱ء سنہ تھا۔ سائل کے نام کے عدد = ۲۰۲ = تھے۔ دن سوال جمعہ کا تھا اس کا جمل کبیر = ۱۱۸ = ہے۔ طالع وقت ستارہ زہرہ تھا اس کا جمل کبیر = ۲۱۷ = ہیں اب ان سارے عددوں کو جمع کیا (۵ - ۲۲ - ۷ - ۱۱ - ۸ - ۲۴ - ۱۹۶۱ - ۱۱۸ - ۲۱۷ - ۲۰۲) جمل کبیر = ۲۵۵۳ = جواب ان بڑے اعداد کو اعداد سوال = ۹۷۱ سے ضرب دی ان اعداد کا شکبہ حصہ اول اس کتاب میں موجود ہے اس شکبہ کے اعداد سے جو حروف مستخرج ہوئے وہ یہ ہیں)۔ ج ہ ب اب ہ ج ہ ج د ت تا ی ب ہ ح ہ د ح ا۔ یہ بیس حروف ہوئے پھر ان کو ملفوظی کرنے سے یہ ۴۵ حرف بنے = ج ا ہ ا ہ ا ب ا ال ت ب ا ہ ا ج ی م ہ ا ج ی م دال تا ب ا ہ ا دال ہ ا دال ح ا ال ت = پھر ان سب حروف کو خلاص کرنے سے یہ گیارہ حروف مستخرج ہوئے

حروف خلاصہ	ج	ا	ہ	ب	ل	ت	ی	م	د	ش	ح
نظیرہ	ت	س	ق	ع	ض	ج	خ	ظ	ض	ش	ث
ابجد قمری سے جو بنا حروف لیا	س	ص	ث	ق	ا	و	ظ	ب	ش	خ	ذ

یہ حروف مستخرجہ ہیں ان عدد ابجد قمری سے پیدا کرکے نقاط دور کرنے کے بعد جو عدد اس کو فی نفسہ ضرب دے کر حروف مستحصلہ پیدا کئے جو ذیل کے نقشہ میں درج ہیں۔

حروف مذکورہ سطر بالا	ر	ص	ت	ق	ا	و	ظ	ب	ش	خ	ذ
عدد اصلی	۲۰۰	۹۰	۴۰۰	۱۰۰	۱	۶	۹۰۰	۲	۳۰۰	۶۰۰	۷۰۰
سقوط نقاط کے بعد جو عدد رہا	۲	۹	۴	۱	۱	۶	۹	۲	۳	۶	۷
ضرب فی نفسہ کا نتیجہ جو ہوا	۴	۸۱	۱۶	۱	۱	۳۶	۸۱	۴	۹	۳۶	۴۹
حروف جو مستحصلہ بنا	د	اف	دی	ا	ا	ول (ہ)	ان	د	ط	دل (ہ)	طم

اب ان حروف کو سعوات - ترفع - متنزل - ترقی سے تبدیل کیا تو جواب باصواب گویا ہو گیا مجھے استاد نے اس میں خط پڑھ رکھنے کا حکم صادر کیا تھا اس کی ہدایت کے مطابق مجھے بھی عمل کرنا پڑا مگر چونکہ میں یہاں بالوضاحت لکھ رہا ہوں اس لئے یہ کہنے میں مجھے باک نہیں ہے کہ مستحصلہ در جواب حسب فرمان استاد ان ہی حروف میں قریب ترین موجود ہے آپ اعادہ عمل کریں ممکن ہے کہ آپ کی قسمت میں اس کا حصول لکھا ہو [ہ]

۲ - مستحصلہ - سید غلام حسن منجم و جفار نے اپنی کتاب مفتاح الجفر میں جو مستحصلہ شبکہ سے حل کیا ہے وہ اس قدر مبہم اور معلق ہے کہ بکثرت جفار حضرات نے اس کے حل کرنے کی کوشش کی مگر اکثریت ناکام رہی شبکہ سے جو موصوف نے بقاعدہ اسرار فلکیہ - ۱۲ حروف استخراج فرمائے ان کے متعلق یہ نہیں بیان کیا کہ ان حروف کے استخراج کا قاعدہ کیا ہے اور کس قانون سے حاصل کئے گئے ہیں نیاز مند مولف نے بکثرت قواعد سے ان کو حل کرنا چاہا مگر ہر مرتبہ ناکامیابی ہوئی بہرحال جو کچھ سمجھ میں آیا وہ اس جگہ نہایت آسانی سے عرض کردوں گا جس کے حسن و قبح کا میں ذمہ دار نہیں - الشاذ کالمعدوم

سوال :- افتتاح حویلی بوساطت شیخ فتح اللہ شوبیانہ = ؟ -

اس سوال کو مفرد کرکے اس کے اعداد حاصل لیے جمل کبیر ۳۲۷۲ = ہوئے۔ بوقت سوال آفتاب برج جوزا میں ۱۷ - درجے طے کر چکا تھا اور قمر برج دلو کے ۸ - درجہ پر تھا۔ دن پنجشنبہ کا تھا اور طلوع آفتاب سے تیسری ساعت گزر چکی تھی۔ آفتاب کے حروف یہ ہیں = ع ص ق ی ہ - اور قمر کے حروف = ذ ظ غ =

[ہ] لیکن اس کا جو جواب برآمد ہوا ہے وہ یہ ہے ”جلد امتحان پاس کرے گا“ اس پر غور کرو کہ یہ جواب کیسے برآمد کیا گیا ہے وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم

اور تیسری ساعت کا حرف = ج = ہے ۵ حروف آفتاب و قمر کا جمل کبیر = ۲۷۰ = ہے دن کے حروف = ھ دن = کے عدد = ۱۸ ہیں سائل غلام نبی کے نام کے عدد ۱۱۲۳ ہیں ان سب کا کل میزان = ۴۰۰۹ = ہے اب ان اعداد کو اعداد سوال = ۲۷۲۲ = سے شبکہ میں ضرب دے اور حاصل ضرب کے اعداد سے بقاعدہ اسرار قطبیہ حروف بنائے۔

ملاحظہ: سائل جملہ متعلقات کی میزان ماسوائے اعداد کے جمل کے = ۴۰۰۹ نہیں ہوتی یہ سمجھ سے باہر ہے کہ یہ جمل کبیر کس کس تعلقات کا ہے نہ معلوم اس قدر مغالطہ کیوں دیا گیا ہے ؎

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

یہ شبکہ اس عنوان کی ابتداء میں درج ہے شبکہ کے حاصل ضرب کے اعداد ضرب کتابی مفروضہ سے ملتے ہیں۔

حاصل ضرب سے جو مؤلف مذکور نے جو = ۱۴۴ = حروف بنائے وہ اس قدر مغلق ہیں کہ سمجھ میں نہیں آتے ان حروف کے بعد مؤلف نے لکھا ہے کہ بعد اس کے حروف کو جدول خمسہ عربی اور فارسی اور نظم اور نثر ہندی اور ترکی میں قسمت کیا اور صورت جدول میں طول کو ہر ایک سطر ملاحظہ کرے اگر زبان عربی نثر میں جواب معلوم کرنا ہو تو دس پر تقسیم کرے اگر زبان ترکی کی ضرورت ہو تو چھ پر تقسیم کرے مگر شرط یہ ہے کہ لفظ عربی اور اس کو اعراب دینے سے واقفیت ہو اور اپنی عقل کو دخل نہ دے اور کسی کے کہنے سے تقدیم و تاخیر کرے جیسا کہ جدول میں لکھ دیا گیا ہے اس طرح جمع استخراج میں کرے دگر یہ طریقہ صحت تناسب نہیں) تاکہ مطلب ہاتھ سے نہ جائے اور کیفیت استخراج کی اس طور سے رکھے ہر ایک زبان پر ہر ایک حرف دیکھتا جائے بعد حرف مقسوم کو اوپر دائرہ ابجد کے جو ذیل کے جس زبان میں جواب معلوم کرنا چاہے اسی سطر کو اسی طرح سے دائرہ ابجد سے حاصل کر کے سطر ایک ایک زمام کی پیدا کرے اس کے بعد جو سطر مستحصلہ کی ہو اس کو تکسیر صدر و مؤخر میں گردش دے مطلب کے مطابق جواب جدول تکسیر میں ظاہر ہوگا اس قاعدہ کو اچھی طرح سمجھ میں لانا چاہئے اور دائرہ ابجد مذکور میں خوب فہم سے طرحوں کو حاصل کر کے جواب معلوم کرنا چاہئے دائرہ ملحقہ مذکورہ یہ ہے۔۔

(نوٹ) اس کتاب کے سمجھنے میں دقت یا مشکل پیش آئے تو ادارہ مفت خدمت کرنے کیلئے تیار ہے

جدول شمار لفید زبان

۱۰	۸	۱۲	۴	۶
خ	خ	ط	ث	خ
ع	د	س	ق	و
ج	ج	ش	ض	ش
ا	ط	ا	ل	ه
ع	ت	ظ	ب	ه
ط	ش	ص	ض	س
س	ت	ذ	ب	ن
ط	س	ق	ظ	ظ
ط	غ	ك	ج	ا
ج	س	خ	ب	ه
م	ت	ص	ق	ث
د	ه	[illegible]	ج	خ
ح	ض	[illegible]	ن	غ
غ	ه	[illegible]	ا	ا
م	ا	[illegible]	ق	ش
ع	ی	[illegible]	ض	د
[illegible]	ظ	[illegible]	ق	ا
ذ	م	[illegible]	ی	ه
ذ	د	[illegible]	ج	خ
ش	خ	[illegible]	ث	ص
[illegible]	ذ	[illegible]	ه	ط
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	خ
ن	[illegible]	[illegible]	ب	ح
س	ظ	[illegible]	خ	ت
د	ت	[illegible]	ی	۰
ربط	[illegible]	[illegible]	ہندی	شمسی

جدول تقسیم حروف حاصل

۰	۴	۶	۸	۱۰	۱۲
ا	د	و	ح	ی	ل
ب	ه	ز	ط	ك	م
ج	و	ح	ی	ل	ن
د	ز	ط	ك	م	س
ه	ح	ی	ل	ن	ع
و	ط	ك	م	س	ف
ز	ی	ل	ن	ع	ص
ح	ك	م	س	ف	ق
ط	ل	ن	ع	ص	ر
ی	م	س	ف	ق	ش
ك	ن	ع	ص	ر	ت
ل	س	ف	ق	ش	ث
م	ع	ص	ر	ت	خ
ن	ف	ق	ش	ث	ذ
س	ص	ر	ت	خ	ض
ع	ق	ش	ث	ذ	ظ
ف	ر	ت	خ	ض	غ
ص	ش	ث	ذ	ظ	ا
ق	ت	خ	ض	غ	ب
ر	ث	ذ	ظ	ا	ج
ش	خ	ض	غ	ب	د
ت	ذ	ظ	ا	ج	ه
ث	ض	غ	ب	د	و
خ	ظ	ا	ج	ه	ز
ذ	غ	ب	د	و	ح
ض	ا	ج	ه	ز	ط
ظ	ب	د	و	ح	ی
غ	ج	ه	ز	ط	ك

معلوم ہوا ہے کہ زبان عربی کی طرح ... سطر ... حروف طول میں خ ہے تو ۔ خ ۔ سے شمار کیا تو ہ = حاصل ہوئی اور بعد اُس کے = ج = کو شمار کیا تو = ل = حاصل ہوئی پھر = ق = ہے پھر لام حاصل ہوا پھر الف ہے تو = ی = حاصل ہوئی پھر میم ہے تو لام حاصل ہوا پھر = ط = ہے تو = ص = حاصل ہوا علیٰ ہٰذہ القیاس اب سائل فلاں نے سے دریافت کیا کہ جواب کس زبان میں حاصل کرنا چاہتا ہے سائل نے عربی زبان کا کہا تو پس جدول خمسہ کو دیکھا جو کہ زیر عربی ہے حروف طول جدول میں سطر کو ملاحظہ کیا بعد اس کے بقاعدہ طرح کے ایک ایک سے مستحصلہ استخراج کیا ہر ایک سطر موافق شمار حروف استخراج کے چنانچہ حروف عربی کے یہ ہیں۔

= ع ج ج ا ج ظ ن ط ث ج م د ح غ م ح ہ ذ خ ق س ب ش ث ض = یہ ۲۵ حروف حاصل ہوئے ان کو دائرہ طرح ابجد سے حاصل کیا اور حروف ... سطر دیدہ کو موافق مراتب کے حروف مقسوم ہیں ۔ لے کر علیحدہ لکھی یہ ایک سطر مستحصلہ کی حاصل ہوئی = ہ ل ل ی ل ہ ا ص ج ل ث ل ن د د ی ا ك ع ب م = ان حروف کو جدول تکسیر مؤخرات میں گردش دے جس وقت کہ زمام برآمد ہو مطلوب ... کو جدول تکسیر میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ آٹھویں سطر میں جواب سائل کا ملا جو یہ ہے = ل ی ح ص ل م ط ل و ب ك ب م ع ا ذ ن ت ف ت ح ا ل ل ہ = یعنی کو مرکب کرنے سے یہ الفاظ بنے لیحصل مطلوبک ۔ بمعاونت فتح اللہ] جدول تکسیر یہ ہے

ه	ل	ل	ی	ل	ح	ا	م	ح	ل	ت	م	ث	ط	ت	ن	لله	و	د	ب	ا	ك	ع	ب	م
	ه	ب	ل	ع	ار	ش	ت	ا	ل	ب	ج	د	ا	د	ص	ن	ج	ل	له	ث	ت	ط	م	ث
ث	م	م	ه	ط	ب	ت	ل	ت	ح	ل	ل	ل	ك	ح	ی	ن	ا	ص	ك	د	ب	ا	ح	و
د	ص	ع	م	ا	م	ب	ه	و	ط	ل	پ	ص	ث	ا	ل	ن	ق	ی	ع	ح	ل	ای	ل	ن
ل	و	ل	ش	ث	ح	ل	م	ج	غ	ش	م	ی	ب	ت	ه	ق	د	ل	ط	ا	ل	ت	ب	س
ص	ل	ب	و	ت	ل	ل	ث	ا	ك	ط	ح	ز	ل	ش	م	ن	ح	ه	ا	ث	ع	ب	م	ی
ی	ص	م	ل	ب	ب	ث	د	ث	ت	ا	ل	ه	ل	ع	ث	اہ	ا	م	ك	د	ط	ل	ح	ل
ل	ی	ح	ص	ل	م	ط	ل	و	ب	ك	ب	م	ع	ا	ذ	ن	ت	ف	ث	ح	ا	ل	ل	ه
ه	ل	ل	ی	ل	ح	ا	ص	ن	ل	ت	ام	ش	ث	ث	ك	ن	و	د	ب	ا	ك	ع	ب	م

ملاحظہ: بعض علماء جفر یہ قاعدہ استعمال کرتے ہیں کہ جو اعداد دست بکسر حاصل ہوئے ہوں اُن کو دو دو اعداد کا ایک ایک عدد کرے مگر جفت ہوں تو

۔ ۔ ۔ اگر جفت نہ ہوں طاق ہوں تو ایک کو علیحدہ دہ الوف پر رکھے اور تکرار الوف کو گرا دے ایک صفحہ جفر جامع ۱۰ حاصل ہو گا اسی جفر جامع کو ان سے تمام استخراج کرے لیکن جس صفحہ کے خانے میں وہ چار حروف ہوں اس خانے سے تمامی نیچے تک چاروں قطر پر استخراج کرے کل = ۱۴۴ = حروف ہوں گے ان حرفوں کو بطریق مذکور بالا جدول میں تقسیم کرے جس زبان میں جواب سائل منظور ہو اسی زبان کے خانے کے نیچے طول جدول میں حرفوں کو کم کر لے جو موافق اس زبان کے ہو اور ابجد سے طرح کرے حروف مستحصلہ حاصل کر کے ایک سطر لکھے اس سطر کو صدر موخر میں گردش دے کر بطریق مذکورہ بالا عمل کرے سوال سائل کا جواب گویا ہو گا ایک جدول تقسیم حروف بنانے کی اور دوسرے جدول طرح کی قبل ہی اس ضمن میں لکھ چکا ہوں ۔ مجھ سے جس قدر سہل ہوا میں نے کر دیا جو مطالب میری سمجھ میں نہیں آئے اس پر قلم نہیں اٹھایا ۔ واللہ عالم بالصواب ۔ تمت بالخیر